Daily "ITTEFAQ NEWS" Karachi
ہم تو مٹ جائیں گے اے وطن لیکن تو نے قائم رہنا ہے قیامت کی سحر ہونے تک
چیف ایڈیٹر: فیض الحسن
روزنامہ اتفاق نیوز کراچی
www.ittefaqnews.pk
dailyittefaqnews1@gmail.com
رجسٹرڈ نمبر MC-1432
جلد نمبر 14 | پیر 23 دسمبر 2024ء، 20 جمادی الثانی 1446ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 205

مدارس بل پر یوٹرن لیا تو عوامی سیلاب اسلام آباد کا رخ کریگا

جمعیت علماء اسلام (ف)

مدارس بل کو حکومتی جماعتوں نے اتفاق رائے سے پاس کیا تھا، صدر مملکت نے 10 دن گزرنے کے بعد اعتراضات اٹھائے، سینئر رہنما عبدالغفوری حیدری

بلوچستان اور خیبر پختونخوا جل رہے ہیں، حکومتی رٹ کہاں ہے؟ پاکستان کہاں آگے جا رہا ہے؟ وسائل پر اپنا حق جتلانا غداری نہیں ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علما اسلام (ف) کے سینئر رہنما مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ مدارس بل منظور ہو چکا، ان شا اللہ اس کا نوٹیفکیشن بھی آئے گا۔ یوٹرن لیا گیا تو انسانوں کا سمندر اسلام آباد کا رخ کرے گا۔ جمعیت علما اسلام (جے یو آئی) لاہور کے زیر اہتمام فلسطین زندہ باد کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا عبدالغفور حیدری کا کہنا تھا کہ مدارس بل کو حکومتی جماعتوں نے اتفاق رائے سے پاس کیا تھا، صدر نے 10 دن گزرنے کے بعد اعتراضات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

سنگدل بھائیوں کا بہن کے وارثتی پلاٹ پر قبضہ

ہندو جج نے قرآنی آیت کا حوالہ دیکر بہن کو بھائیوں سے جائیداد میں حصہ دلوا دیا

سری نگر (مانیٹرنگ ڈیسک) مقبوضہ کشمیر میں ایک خاتون کو دہائیوں کے انتظار کے بعد بالآخر جائیداد میں حصہ مل گیا جو ان کے بھائیوں نے ہڑپ کر رکھا تھا۔ برطانوی نشریاتی ادارے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

مہنگائی تاریخی بلندی سے نیچے آ گئی، ثمرات عوام تک نہ پہنچے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) رواں برس مہنگائی تاریخ کی بلند ترین شرح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

نیک نیتی سے مذاکرات کی دعوت دی ہے، سردار ایاز صادق

مسائل کو مذاکرات سے حل کرنے کے حوالے سے وزیر اعظم کا اقدام خوش آئند ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی کے اسپیکر سردار ایاز صادق نے حکومت اور پی ٹی آئی کی مذاکراتی کمیٹیوں کا پہلا اجلاس کل طلب کر لیا ہے۔ اسپیکر ایاز صادق نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

لاہور، وزیر اعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ملاقات کر رہے ہیں

ملک سے دہشتگردی و انتہا پسندی کو ختم کرینگے

آرمی چیف

قوم کو دہشت گردی سے نبرد آزما جوانوں پر فخر ہے، شہدا پاکستان کا فخر ہیں اور ان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا، جنرل سید عاصم منیر

جنوبی وزیرستان کا دورہ، دہشت گردی کیخلاف کارروائیوں پر بریفنگ دی گئی، دہشت گردی اور انتہا پسندی کی تمام شکلوں کو ختم کرنے کا اعلان

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) چیف آف آرمی اسٹاف سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ ریاست کے خلاف مذموم سرگرمیوں میں ملوث افراد، ان کے سہولت کاروں اور مالی معاونت کرنے والوں کا خاتمہ کیا جائے گا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق چیف آف آرمی اسٹاف نے آج جنوبی وزیرستان کے علاقے وانا کا دورہ کیا جہاں انہیں موجودہ سیکیورٹی صورت حال اور انسداد دہشت گردی کیخلاف جاری کارروائیوں پر جامع بریفنگ دی گئی۔ آرمی چیف نے افسران اور جوانوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اب مقررہ مدت کے اندر عوام کو پاسپورٹ ملیں گے

وزیر داخلہ

شہریوں کو پاسپورٹ کے اجرا میں ہونے والی تاخیر کا ازالہ کیا جا رہا ہے، نادرا سینٹرز کا نظام اطمینان بخش ہے، محسن نقوی

وزیر داخلہ کے کراچی میں پاسپورٹ، شناختی کارڈ اجرا میں شہریوں کو درپیش مسائل موقع پر حل کرنے کے احکامات جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ شہریوں کو پاسپورٹ کے اجرا میں ہونے والی تاخیر کا ازالہ کیا جا رہا ہے، اب مقررہ مدت کے اندر پاسپورٹ ملیں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے 24/7 اوپن پاسپورٹ آفس عوامی مرکز اور نادرا ڈیفنس میگا سینٹر کے اچانک دورے کے دوران پاسپورٹ اور شناختی کارڈز بنوانے کے لیے آئے شہریوں سے ملاقات کی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاسپورٹ اور شناختی کارڈز بنوانے کے عمل کے بارے میں پوچھا جس پر شہریوں نے پاسپورٹ و شناختی کارڈز بنوانے کے نظام کو سراہا اور اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر محسن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

کراچی، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ڈیفنس میں نادرا کے میگا سینٹر کا دورہ کر کے شہریوں سے معلومات لے رہے ہیں

جلد مسائل کا نتیجہ خیز حل نکل آئے گا، بیرسٹر گوہر

وزیر اعظم شہباز شریف نے مذاکراتی کمیٹی تشکیل دی ہے، ہم حکومت کی جانب سے کمیٹی کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں

دونوں کمیٹیوں میں سنجیدہ لوگ شامل ہیں، پر امید ہیں کہ اب مذاکراتی عمل شروع ہونے جا رہا ہے، چیئرمین تحریک انصاف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے حکومت کی جانب سے مذاکراتی کمیٹی کی تشکیل کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ امید ہے کم سے کم وقت میں تمام مسائل کا حل نکل آئے گا۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ہم حکومت کی جانب سے کمیٹی کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں، یہ خوش آئند بات ہے، حکومت اور پی ٹی آئی کے مذاکرات جامع اور نتیجہ خیز ہونے چاہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ امید ہے کم سے کم وقت میں تمام مسائل کا نتیجہ خیز حل نکل آئے گا، دونوں کمیٹیوں میں سنجیدہ لوگ ہیں، مذاکرات آگے ضرور بڑھیں گے، پر امید ہیں کہ اب مزاکراتی عمل شروع ہونے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

پاکستانی قوم شہداء کے لہو کے ہر قطرے کا حساب لے گی

بلاول بھٹو زرداری

پی پی چیئرمین کا سکیورٹی چیک پوسٹ پر دہشت گردانہ حملے کی مذمت اور جوابی فائرنگ میں 8 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش

پاکستان پیپلز پارٹی اس رجحان کے خلاف جنگ میں اپنی سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، شہید اہلکاروں کے اہل خانہ کے غم میں برابر کا شریک ہوں، بیان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاکستانی قوم اپنے شہید جوانوں کے خون کے ہر قطرے کا حساب لے گی۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے پی پی چیئرمین بلاول بھٹو نے خیبر پختونخوا میں سکیورٹی چیک پوسٹ پر دہشتگردانہ حملے کی مذمت کی اور جوابی فائرنگ میں 8 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ بلاول بھٹو نے ضلع جنوبی وزیرستان لکین میں سکیورٹی فورسز کے 16 بہادر جوانوں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی قوم اپنے شہید جوانوں کے خون کے ہر قطرے کا حساب لے گی۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے مزید کہا کہ دہشتگردی انسانیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

سہولت نافرمانی کی تحریک بھی دم توڑ جائے گی

وزیر اعظم پاکستان

پی ٹی آئی سے مذاکرات کیلئے کمیٹی تشکیل دیدی، ملکی سلامتی اور قومی مفاد کو مقدم رکھا جائے گا، اکرات کہاں ہوں گے حکومتی کمیٹی اس کا اعلان کرے گی

پاکستان ہے تو ہم سب ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی کی کاوش کو سراہتا ہوں، حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات آئندہ 12 گھنٹوں کے دوران متوقع ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے اسپیکر قومی اسمبلی کی تجویز پر حکومتی اتحاد کے ممبران پر مشتمل مذاکراتی کمیٹی تشکیل دے دی۔ کمیٹی میں نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار، رانا ثنا اللہ خان، سینیٹر عرفان صدیقی، راجہ پرویز اشرف، نوید قمر، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، علیم خان اور چوہدری سالک حسین شامل ہیں۔ گزشتہ رات چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے اسپیکر قومی اسمبلی سے مذاکرات کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کی استدعا کی تھی۔ بیرسٹر گوہر نے تحریک انصاف کے ساتھ مذاکرات کی پیشکش پر زور دیا تھا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے اسپیکر قومی اسمبلی کی تجویز مانتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

امریکی بحریہ نے اپنے ہی لڑاکا طیارے پر میزائل برسا دیئے

غلطی سے کی گئی فائرنگ میں امریکی لڑاکا طیارہ میں آگ بھڑک اٹھی اور وہ ہچکولے کھاتے ہوئے سمندر برد ہو گیا

امریکی فوجی طیارے میں 2 پائلٹس سوار تھے جنہوں نے پیراشوٹ کی مدد سے جہاز سے چھلانگ لگا کر اپنی جانیں بچائیں

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی بحری جہاز سے غلطی سے فضا میں پرواز کرتے اپنے ہی لڑاکا طیارے ایف اے 18- پر میزائل برسا دیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق غلطی سے کی گئی فائرنگ میں امریکی لڑاکا طیارہ میں آگ بھڑک اٹھی اور وہ ہچکولے کھاتے ہوئے سمندر برد ہو گیا۔ امریکی فوجی طیارے میں دو پائلٹس سوار تھے جنھوں نے پیراشوٹ کی مدد سے جہاز سے چھلانگ لگا کر اپنی جانیں بچائیں۔ دونوں پائلٹس کو زمین پر بحفاظت اتار لیا گیا۔ ایک پائلٹ کو معمولی زخم آئے ہیں جنھیں طبی امداد کے بعد اسپتال سے رخصت دیدی گئی۔ خیال رہے کہ یہ واقعہ بحیرہ احمر کی اس راہداری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

یونان کشتی حادثے میں ملوث انسانی اسمگلر سمیت 2 گرفتار

ملزمان میں محمد اسلم اور سعید احمد شامل ہیں، ملزم محمد اسلم یونان کشتی حادثے میں ملوث ہے

گجرانوالہ (بیورو رپورٹ) یونان کشتی حادثے میں ملوث انسانی اسمگلر سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان ایف آئی اے کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ ایف آئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

ڈیفنس فیز 8 سے اغوا ہونے والا شخص بازیاب، 2 اغوا کار ہلاک

مبینہ مقابلے میں ہلاک ہونے والے اغوا کاروں کی شناخت اعجاز اور عقیل کے نام سے ہوئی

کراچی (کرائم رپورٹر) شہر قائد کے پوش علاقے ڈیفنس فیز 8 سے اغوا ہونے ضعیف العمر شخص نذیر احمد کو پولیس نے بازیاب کرا لیا، جبکہ مغویان سے مقابلے میں 2 اغوا کار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

نومئی کا واقعہ ناقابل معافی جرم سزا ضرور ملے گی

عطاء تارڑ

مسلم لیگ ن کے دور حکومت میں ہمیشہ ملک میں ترقی ہوئی، دوست ممالک کے سرمایہ کار پاکستان آ رہے ہیں

معیشت بہتری کی جانب گامزن، اسٹاک مارکیٹ اوپر جا رہی ہے، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات کا لاہور میں خطاب

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ نومئی کے سربراہ کو سزا ضرور ہوگی، یہ ناقابل معافی جرم ہے۔ لاہور میں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے دور حکومت میں ہمیشہ ملک میں ترقی ہوئی، دوست ممالک کے سرمایہ کار پاکستان آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملکی معیشت آج بہتری کی جانب گامزن ہے اور مہنگائی میں نمایاں کمی آئی ہے، روپیہ مستحکم ہے اور اسٹاک مارکیٹ اوپر جا رہی ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ نومئی ملکی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، پی ٹی آئی والوں نے ملک کے دفاع اور سالمیت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی، شہدا کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سرپرائز وزٹ کر کے ملیر ایکسپریس وے کے تعمیراتی کام کا معائنہ کر رہے ہیں

جماعت اسلامی منظم سازش کے تحت شاہراہیں بند کرتی ہے

سعید غنی

جماعت اسلامی سے درخواست ہے کہ شہریوں کے مسائل کے لیے بات کریں تو شہریوں کے لیے مزید مسائل پیدا کرنے کا سبب نہ بنیں، وزیر بلدیات سندھ

مسلم لیگ ن سندھ کے سینئر نائب صدر اور سینٹرل ورکنگ کمیٹی ن لیگ رانا احسان کی پیپلز پارٹی میں شمولیت کے حوالے سے منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ مجھے عمران نیازی سے اسی اچھے کی امید نہیں ہے، مذاکرات کے موقع پر وہ گالی مار سکتا ہے۔ جماعت اسلامی کے رہنماؤں سے درخواست ہے شہریوں کے مسائل کے لیے بات کریں تو شہریوں کے لیے مزید مسائل پیدا کرنے کا سبب نہ بنیں۔ کل جنوبی وزیرستان میں دہشت گردوں نے فوجی جوانوں کو شہید کیا، ہم ان شہدا کی ہمت کو سلام پیش کرتے ہیں اور ان جوانوں کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کی مذمت کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کے روز مسلم لیگ نون سندھ کے سینئر نائب صدر اور سینٹرل ورکنگ کمیٹی نون لیگ رانا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

کراچی کے علاقے صدر میں مسیحی برادری کے افراد کرسمس کے حوالے سے خریداری کر رہے ہیں

گداگری میں ملوث سعودی عرب جانے والا مسافر گرفتار

سعودی حکام نے ملزم کو گرفتار کر کے جون 2023 میں ڈی پورٹ کیا تھا، ایف آئی اے

کراچی (کرائم رپورٹر) وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے کے امیگریشن سیل نے کراچی ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے گداگری میں ملوث سعودی عرب جانے والے مسافر کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے مطابق گرفتار مسافر کی شناخت الہاندو پنور کے نام سے ہوئی ہے، مسافر فلائٹ نمبر ایکس وائی سکس تھری ایٹ کے ذریعے سعودی عرب روانہ ہو رہا تھا۔ ترجمان کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

ان لینڈ ریونیو سروس کے مزید 14 افسران تبدیل

محمد خالد جمیل چیف ان لینڈ ریونیو ٹرانسفارمیشن ڈیلیوری یونٹ ایف بی آر ہیڈ کوارٹر تعینات

کراچی (کرائم رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ان لینڈ ریونیو سروس سے تعلق رکھنے والے گریڈ 17 تا 20 کے مزید چودہ افسران تبدیل کر دیے ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 20 کے ڈائریکٹر محمد خالد جمیل کو چیف ان لینڈ ریونیو ٹرانسفارمیشن ڈیلیوری یونٹ ایف بی آر ہیڈ کوارٹر تعینات کر دیا گیا۔ تاہم اس کے ساتھ ساتھ پروگرام آفس ڈائریکٹر پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

پولیس نے کورنگی میں غیر قانونی واٹر ہائیڈرنٹ سیل کر دیا

کراچی میں پانی کے مصنوعی بحران کے بعد انتظامیہ حرکت میں آ گئی، ایس ایس پی کورنگی

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی میں پانی کی مصنوعی قلت کے بعد واٹر بورڈ اور پولیس نے چکرا گوٹھ کورنگی میں غیر قانونی واٹر ہائیڈرنٹ کو سیل کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایس ایس پی کورنگی کے مطابق کراچی میں جاری حالیہ پانی کی قلت کے باعث واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کے ہمراہ تھانہ زمان ٹاؤن پولیس نے چکرا گوٹھ کورنگی نمبر ایک میں غیر قانونی واٹر ہائیڈرنٹ کے خلاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

نیکی کا قدم جنت کا راستہ
Reg. No. PCSW(S)-1114
رفتار ویلفیئر آرگنائزیشن
Raftar Welfare Organization

دوھا جیولرز اینڈ لون
پرانا زیور امانت میں دیں بلاسود قرض حاصل کریں | سونے کے زیورات قسطوں پر بھی دستیاب ہیں
DOHA JEWELLERS
EASY GOLD LOAN SERVICE
DOHA JEWELLERS CONTACT : 0300-9248604
www.dohajewellers.com

Advocate & Legal Consultants
The way to justice
* Cyber Crim & Family Cases * Civil & Criminal
* Health & Service * Insurance & Corporate
AFTAB ANJUM MEO
ADVOCATE HIGH COURT
Mobile : 0336-8181360
SAJID RAJPUT
ADVOCATE HIGH COURT
Mobile : 0333-3612443
Address: 2nd Floor Abid Chamber, Shahrah-e-Liaquat, New Chali, Karachi

چینی کمپنی کی الیکٹرک وہیکلز کیلئے پاکستان میں 350 ملین ڈالر سرمایہ کاری

ایس آئی ایف سی کے تعاون سے ای وی سیکٹر میں چین کی سرمایہ کاری میں دلچسپی نظر آنے لگی، موٹروے پر 3 ہزار ای وی اسٹیشنز لگائیں گے، ملک خدا بخش

250 ملین ڈالر مختص کیے گئے ہیں، الیکٹرک گاڑیاں ایک مرتبہ چارج کرنے پر 300 کلومیٹر تک سفر کرنے کی صلاحیت کی حامل ہوں گی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چینی کمپنی نے الیکٹرک وہیکلز کے لیے پاکستان میں 350 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے۔ اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹی کونسل (ایس آئی ایف سی) کے تعاون سے ای وی سیکٹر میں چین کی سرمایہ کاری میں دلچسپی نظر آ رہی ہے اور اس سلسلے میں چین کی کمپنی اے ڈی ایم گروپ نے پاکستان میں 350 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے۔ منصوبے کے تحت پاکستان میں 3 ہزار سے زائد الیکٹرک وہیکل (ای وی) چارجنگ اسٹیشنز نصب کیے جائیں گے۔ سندھ میں ایک ہزار، پنجاب میں 1500 اور خیبر پختونخوا و بلوچستان میں 750 اسٹیشنز لگائے جائیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

مزید ڈیموں اور آبی ذخائر کی تعمیر کی جائے، الطاف شکور

پانی کی قلت معیشت کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے، فرسودہ آبپاشی کے نظام کو بہتر بنانا ناگزیر ہے، پاسبان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور نے کہا ہے کہ پانی کی بڑھتی ہوئی قلت زراعت پر مبنی معیشت کے لیے خطرے کی گھنٹی ہے۔ معیشت کو بچانے کے لیے فرسودہ آبپاشی کے نظام کو بہتر بنانا ناگزیر ہے۔ پانی کی اسٹوریج اور تقسیم کے قومی اہمیت کے منصوبوں پر سیاست کی روک تھام کی جائے۔ ملکی معیشت بہتر بنانے پر مامور قومی ادارے بخت نوٹس لیں۔ ملک کو پانی کی شدید قلت کا سامنا ہے اور پانی کی کمی کی وجہ سے وسیع زمینیں کاشت نہیں کی جاسکتیں۔ اس سنگین صورتحال میں مزید ڈیموں اور آبی ذخائر کی تعمیر ضروری ہے۔ ملک کے ہر صوبے میں نئے چیک ڈیم اور فلڈ کینال بنائے جائیں اور پانی کی بہتر دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے تمام دیرپا ڈیم اور نہری منصوبوں کو تیز کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

شہر بھر میں پانی کی فراہمی بلاتعطل اور معمول کے مطابق جاری

تمام علاقوں میں پانی کی فراہمی مکمل طور پر بحال کردی گئی ہے، ترجمان واٹر کارپوریشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ترجمان واٹر کارپوریشن نے کہا ہے کہ شہر بھر میں پانی کی فراہمی بلا تعطل اور معمول کے مطابق جاری ہے اور تمام علاقوں میں پانی کی فراہمی مکمل طور پر بحال کردی گئی ہے کلفٹن پی آئی بی گلشن اقبال سخی حسن کیماڑی اور لیاری سمیت شہر بھر کی تمام ڈسٹریبیوشن کی پمپنگ اسٹیشنز سے پانی کی فراہمی بلاتعطل جاری ہے انکا کہنا تھا کہ شہر کو موجودہ وقت یومیہ 1200 ملین گیلن پانی کی ضرورت ہے مگر اس کے برعکس واٹر کارپوریشن کے سسٹم میں موجودہ وقت صرف یومیہ 650 ایم جی ڈی پانی دستیاب ہے دھابیجی پمپنگ اسٹیشن سے 550 گھارو پمپنگ اسٹیشن سے 30 اور حب کینال سے 70 ایم جی ڈی پانی فراہم کیا جاتا ہے جس کی شہر بھر میں منصفانہ تقسیم کی جاتی ہے انہوں نے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

اسلام دشمن عناصر فرقہ واریت کی آگ لگا رہے ہیں

ثروت اعجاز قادری

توہین رسالت صحابہ واہلبیت اور ملک میں دہشت گردی یہ سب بڑی سازش کی کڑی ہے، دنیا بھر میں اسلام دشمن عناصر کو اتحاد اہلسنت کا عملی مظاہرہ دکھانا پڑے گا

سابق ایم این اے، سابق ضلعی ناظم صاحبزادہ میاں جلیل شرقپوری اور میاں محمد حنفی سیفی سجادہ نشین آستانہ عالیہ راوی ریان شریف سے اہم ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی صدر پاکستان سنی تحریک انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے وفد کے ہمراہ سابق ایم این اے، سابق ضلعی ناظم صاحبزادہ میاں جلیل شرقپوری اور میاں محمد حنفی سیفی سجادہ نشین آستانہ عالیہ راوی ریان شریف سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات کے موقع پر اور میاں محمد حنفی سیفی کی ہمشیرہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور دعا بھی کی گئی۔ اس موقع پر مرکزی نائب صدر PST حافظ شاہد حسین، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری ناصر نقشبندی، ضلعی صدر PST لاہور علامہ ریاض ہزاروی، علامہ ربنواز حقانی، ضلعی صدر اوکاڑہ ملک وحید قادری، صدر علما بورڈ ضلع لاہور علامہ عثمان نقشبندی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

حکمرانوں کی نااہلی کے سبب نوجوانوں کا مستقبل غیر محفوظ ہو چکا، فیصل ندیم

نوجوانوں اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر غیر قانونی راستوں کا انتخاب کر رہے ہیں، صدر مرکزی مسلم لیگ سندھ

مرکزی مسلم لیگ نے اپنے روزگار سہولت پروگرام کا آغاز کیا ہے، جس کا مقصد محنت کرنے کو ترغیب دینا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مرکزی مسلم لیگ سندھ کے صدر فیصل ندیم نے کہا ہے کہ حکمرانوں کی نااہلی اور ناقص پالیسیوں کے باعث نوجوانوں کا مستقبل غیر محفوظ ہو چکا ہے۔ اس وقت پاکستانی نوجوانوں کو روزگار کی کمی اور معاشی پریشانیوں کا سامنا ہے، جس کی وجہ سے وہ اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر غیر قانونی راستوں کا انتخاب کر رہے ہیں۔ یونان کشتی حادثہ جیسے دلخراش واقعات اسی کا غماز ہیں، جو حکومتی عدم توجہی کا نتیجہ ہیں۔ فیصل ندیم نے مزید کہا کہ حکومتی ادارے اپنی ذاتی لڑائیوں اور مفادات سے نکل کر ملک وقوم کے مفاد میں سوچیں۔ پاکستان کا مستقبل ان نوجوانوں کے ہاتھوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

واٹر بورڈ کا ٹینکرز روکنے والے شہریوں کیخلاف سخت کارروائی کا اعلان

واٹر ٹینکرز کے ذریعے مساجد امام بارگاہوں، اسپتالوں، اسکولوں، سرکاری وریاستی اداروں سمیت عوام کے گھروں میں پانی فراہم کیا جاتا ہے

غلط افواہیں پھیلا کر شہریوں کو پریشان کیا جارہا ہے، قانون کو اپنے ہاتھ میں لینے کی اجازت کسی کو بھی نہیں دی جائے گی، ترجمان واٹر بورڈ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) واٹر بورڈ نے کراچی میں پانی کے ٹینکرز روکنے والے شہریوں کیخلاف سخت کارروائی کا اعلان کردیا۔ ترجمان نے کہا کہ سرکاری ہائیڈرنٹس کے ذریعے جنرل پبلک سروس کے تحت عوام کو سرکاری رعایتی نرخوں پانی فراہم کیا جاتا ہے، واٹر ٹینکرز کو روکنا ایک غیر قانونی اور غیر اخلاقی عمل ہے، واٹر ٹینکرز کے ذریعے مساجد امام بارگاہوں، اسپتالوں، اسکولوں، سرکاری و ریاستی اداروں سمیت عوام کے گھروں میں پانی فراہم کیا جاتا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ غلط افواہیں پھیلا کر شہریوں کو پریشان کیا جارہا ہے، قانون کو اپنے ہاتھ میں لینے کی اجازت کسی کو بھی نہیں دی جائے گی، قانون کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

آرٹس کونسل کے انتخابات میں احمد شاہ، اعجاز فاروقی پینل فاتح

انتخابات میں نجم اشرف مبشر پینل کو شکست کا سامنا، احمد شاہ نے 1977 ووٹ حاصل کئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے انتخابات سال برائے 2025-2026 میں احمد شاہ۔ اعجاز فاروقی پینل نے میدان مار لیا، انتخابات میں نجم اشرف مبشر پینل کو شکست کا سامنا، صدر کی نشست پر محمد احمد شاہ نے 1977 ووٹ حاصل کیے جبکہ ان کے مدمقابل نجم الدین شیخ صرف 185 ووٹ حاصل کرسکے، نائب صدر کے لیے امیدوار منور سعید نے 1953، سیکریٹری پروفیسر اعجاز فاروقی 1942، جوائنٹ سیکریٹری نورالہدیٰ شاہ 1891، خازن قدسیہ اکبر نے 1939 ووٹ لیے جبکہ مخالف پینل کے اشرف جبار قریشی 187، میر عباس رضا مشیر 155، منصور زبیری 58، تحسیم الحق حقی (خازن 205 (اور اقبال احمد نے 235 ووٹ لے سکے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

کراچی کے عوام کو ٹینکروں کے ذریعے نہیں نلکوں میں پانی دیا جائے

منعم ظفر خان

کے فور منصوبہ فوری طور پر مکمل اور کراچی کا تباہ حال انفرااسٹرکچر بحال کیا جائے، نیپا ہائیڈ ریٹ پر احتجاجی مظاہرے سے خطاب

احتجاجی مظاہرے سے نعیم اختر، سید قطب احمد، اسماعیل بلوچ و دیگر کا خطاب، مظاہرین کے قابض میئر اور واٹر بورڈ کے خلاف زبردست نعرے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے امیر ضلع شرقی نعیم اختر کے ہمراہ واٹر کارپوریشن کی بدترین کارکردگی و نااہلی اور شہر میں پانی کے بحران کے خلاف نیپا پائیڈ ریٹ پر احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کراچی کے شہریوں کو پانی ٹینکروں کے ذریعے نہیں نلکوں میں فراہم کیا جائے، پانی کی لائنوں کے ٹوٹ بھوٹ کی ذمہ داری براہ راست واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کی ہے، آئے روز پانی کی لائن کی خرابی کے باعث پانی بند کردیا جاتا ہے، عوام مسائل کے حل کے لیے اپنے گھروں سے باہر نکلیں اور جماعت اسلامی کی حق دو کراچی تحریک کا حصہ بنیں، فارم 47 کی پیداوار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

محکمہ تعلیم گلبرگ کے زیر اہتمام منعقدہ اسپورٹس ویک اختتام پذیر

تعلیم کے ساتھ کھیل کود کے پروگرام بچوں کی نشوونما میں اضافہ کرتے ہیں، نصر اللہ

گلبرگ ٹاؤن کے تمام پارکس اور کھیل کے میدان آباد کریں گے، چیئرمین گلبرگ

ہارجیت کھیل کا حصہ ہے، بچوں اور اساتذہ کا کردار قابل تعریف ہے، حمید اللہ سہاگ

کراچی (سٹی رپورٹر) چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ کی سرپرستی میں محکمہ تعلیم کے زیر اہتمام سالانہ اسپورٹس ویک کا اختتامی پروگرام منعقد ہوا، جس میں گلبرگ ٹاؤن کے بلدیاتی اسکولز کے طلبا کے مابین مختلف کھیلوں کے مقابلے میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے بچوں میں انعامات تقسیم کیئے گئے اور چیئرمین ایلون اور آفیسر ایلون کے مابین کرکٹ میچ کا انعقاد کیا گیا جس میں خوبصورت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصر اللہ فاتح طالبہ کو ٹرافی دے رہے ہیں، دوسری جانب نمایاں کارکردگی دکھانے والی طالبات کا اساتذہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

سیدہ فاطمہ کا کردار خواتین کیلئے رول ماڈل ہے، قائد ملت جعفریہ

جناب سیدہ فاطمہ زہرا نے اپنی زندگی کے جو اصول اور نقوش چھوڑے ہیں وہ دائمی اور ابدی ہیں

سیدہ فاطمہ زہرا نے اپنے کردار کی پاکیزگی سے نسوانیت کو معراج عطا کی، علامہ ساجد علی نقوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی نقوی کا خاتون جنت سیدہ فاطمہ زہرا کی ولادت باسعادت پر کہنا ہے کہ دختر پیغمبر اکرم جناب سیدہ فاطمہ زہرا نے تحمل اور اخلاق کے میدان میں اپنی زندگی کے جو اصول اور نقوش چھوڑے ہیں وہ دائمی اور ابدی ہیں کسی زمانے معاشرے یا علاقے تک محدود اور مختص نہیں ہیں انکی نورانی اور معنوی زندگی ہر طرح کے احترام و اکرام کی سزاوار ہے انہوں نے اپنے کردار کی پاکیزگی سے نسوانیت کو معراج عطا کی آپ کا وجود اس بات پر گواہ ہے خواتین معنویت کے عظیم درجات حاصل کرسکتی ہے آزادی نسواں کی حدود و قیود ہر سوسائٹی نے مقرر کر رکھی ہیں سوائے ان لوگوں کے جو مادر پدر آزاد ہیں اور کسی ضابطے اخلاق اور قانون کے پابند نہیں اور یہی لوگ ایسے معاشروں کی تشکیل میں مصروف ہیں جہاں عورت کی عزت وحرمت کو پامال کیا جائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

نعت رسول مقبول

وہ انداز پی اور ہیں وہ اخلاق ہی اور ہیں
ایسے تو نہیں ہر کوئی دیوانہ بنا ہوا ہے
وہ آنکھیں زلفیں ایڑھیاں ہی دیکھ لو
ایسے تو نہیں ہر کوئی مستانہ بنا ہوا ہے
اور بن دیکھے جن کا خیال ہی غضب ہے
ایسے تو نہیں دیدار والا عاشق بنا ہوا ہے
وہ نور ہی اور ہے وہ محبوب ہی اور ہے
ایسے تو نہیں وہ اللہ کا محبوب بنا ہوا

شاعرہ ۔لانبہ عمر
اورنگی ٹاؤن کراچی

DOHA JEWELLERS
IQRA JEWELLERS
AL RAUF GROUP
axact BUILDERS & DEVELOPERS
The Skyscraper Builders & Developers
IRM ITTEHAD REAL MARKETING
ALI LAKHANI BUILDERS
THE CROWN Builders & Developers
AL TAWAKKAL BUILDERS & DEVELOPERS
SHAYAN ICONIC BUILDERS
AQ BUILDERS ALHAMD Residency
DADI ASSOCIATES BUILDERS & DEVELOPERS
AAA&Y.S.F ENTERPRISES Builders & Developers
Shadow MOTORS Drive your Dreams
برج الحرم BURJ-UL-HARAM
UNIQUE
UNIQUE BATTERIES
I.B BUILDERS & DEVELOPERS
Hayat & Company BUILDERS & DEVELOPERS YOUR TRUST
METRO GROUP BUILDERS & DEVELOPERS
C.H.K KARIM ENTERPRISE'S BUILDERS & DEVELOPERS
AL-JANNAT GROUP
POONAWALA BUILDER & DEVELOPERS
abad Association of Builders And Developers of Pakistan Since 1972
OK ESTATE & BUILDERS
Sawera
WC WING CONSTRUCTIONS
A PROJECT OF IDEAL GROUP
Fibbi BUILDERS & DEVELOPER
HASHMANI BUILDERS
JUMANI GROUP OF COMPANIES
PAK CITY Pvt. Ltd.
NORTHERN DREAMS
HIGHNESS BUILDERS AND DEVELOPERS
IDEAL GOLD VISTA
RIDA Builders & Developers
AL-MUBDI Builders & Developers
KINGDOM BUILDERS & DEVELOPERS
SUPER FIREWORKS SUPER FIRE WORKS
ZUBAIDA HEIGHTS
MARKETED BY MOTIWALA ECO MARKETING NETWORK & EVENT ORGANIZER
Metro Jewellers Pieces of Art
Z&B ENTERPRISES Let your dreams be our project
MAC BUILDERS & DEVELOPERS
PSG GROUP OF COMPANIES
Dua RESTAURANT

چیف ایڈیٹر و پبلشر فیض الحسن نے نیو محمدی پرنٹنگ پریس، نمبر 07، اولڈ ریلی بلڈنگ، تالپور روڈ سے چھپوا کر پلاٹ نمبر 193 قاسم آباد لیاقت آباد، کراچی سے شائع کیا۔ آفس نمبر: 03100018168
website : www.ittefaqnews.com, Email : dailyittefaqnews1@gmail.com

Daily "ITTEFAQ NEWS" Karachi
ہم تو مٹ جائیں گے اے وطن لیکن تو نے قائم رہنا ہے قیامت کی سحر ہونے تک
روزنامہ اتفاق نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر: فیض الحسن
www.ittefaqnews.pk
dailyittefaqnews1@gmail.com
MC-1432

امن لازم ہے

خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں خاصے عرصے سے حالات خراب چلے آرہے ہیں، گزشتہ روز خیبر پختونخوا کی صوبائی اپیکس کمیٹی کا اہم اجلاس پشاور میں ہوا، اس اجلاس کی صدارت وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خان گنڈاپور نے کی۔ صوبائی اپیکس کمیٹی کے اس اہم اجلاس میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، خیبر پختونخوا کابینہ کے ارکان آفتاب عالم، بیرسٹر محمد علی سیف اور مزمل اسلم، کور کمانڈر پشاور لیفٹیننٹ جنرل عمر احمد بخاری، چیف سیکریٹری خیبر پختونخوا ندیم اسلم چوہدری، انسپکٹر جنرل پولیس اختر حیات خان گنڈاپور، ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ محمد عابد مجید کے علاوہ اعلیٰ سول و عسکری حکام نے شرکت کی۔ اس اجلاس میں ضلع کرم سمیت خیبر پختونخوا میں دہشت گردی اور امن وامان کے حوالے سے تبادلہ خیالات کیا گیا اور صوبے میں قیام امن کے لیے لائحہ عمل طے کرکے اہم فیصلے بھی کیے گئے ہیں۔ میڈیا کی اطلاعات کے مطابق خیبر پختونخوا کی اپیکس کمیٹی نے قبائلی ضلع کرم میں خصوصاً پارہ چنار میں قیام امن کے لیے دونوں متحارب فریقوں سے اسلحہ جمع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ فریقین تمام اسلحہ جمع کریں گے جس کے لیے وہ حکومت کی ثالثی میں آپس میں ایک معاہدے پر دستخط کریں گے۔ معاہدے میں رضاکارانہ طور پر اسلحہ جمع کرنے کے لیے دونوں فریق 15 دنوں میں لائحہ عمل دیں گے۔ یکم فروری تک تمام اسلحہ انتظامیہ کے پاس جمع کیا جائے گا اور اسی عرصے میں علاقے میں قائم تمام بنکرز بھی مسمار کیے جائیں گے۔ اجلاس میں ضلع کرم کے مسئلے کے پائیدار حل کے لیے طویل مشاورت کے بعد لائحہ عمل کو حتمی شکل دے دی گئی۔ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کا خاتمہ کرنا، دہشت گردوں کے سہولت کاروں کا خاتمہ کرنا صوبائی حکومت کی ہی نہیں بلکہ وفاق کی بھی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ ضلع کرم میں عرصے سے قتل وغارت جاری ہے لیکن اس حوالے سے جو اقدامات ہونے چاہیے تھے، وہ نہیں ہوئے۔ صوبائی حکومت کے ماتحت پولیس اور ڈسٹرکٹ انتظامیہ کی رٹ کہیں نظر نہیں آئی۔ قبائلی گروہ خود ہی اپنی مرضی سے جو چاہتے وہ کرتے چلے آرہے ہیں۔ بہرحال دیر آید درست آید خیبر پختونخوا کی صوبائی اپیکس کمیٹی میں جن جن معاملات پر غور ہوا ہے اور جو کچھ میڈیا میں آیا ہے، اس کے حوالے سے بھی اگر سنجیدگی سے قانون پر عملدرآمد کرکے قانون کی اور حکومت کی رٹ قائم کردی جائے تو پارہ چنار ہی نہیں بلکہ پورے کرم ضلع میں امن قائم کیا جاسکتا ہے۔ اس حوالے سے وفاقی حکومت کو بھی اپنی ذمے داریاں ادا کرنے سے ہچکچاہٹ کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہیے۔ خیبر پختونخوا حکومت کے وفاق اور وفاقی حکومت کے ساتھ اختلافات اپنی جگہ رہے لیکن آئین اور قانون کی عملداری قائم کرنے کے لیے کسی قسم کا کوئی اختلاف نہیں ہونا چاہیے۔ دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے ڈھلمل پالیسی چاہے وہ صوبائی حکومت کی ہو یا وفاق کی، اسے کسی صورت سراہا نہیں جاسکتا کیونکہ پرامن ماحول میں زندگی گزارنا اور کاروبار کرنا پاکستان کے عوام خصوصاً خیبر پختونخوا کے عوام کا پہلا اور بنیادی حق ہے۔ پاکستان کا آئین اس حق کی تصدیق کرتا ہے۔ حکومت چاہے وفاق کی ہو یا صوبے کی، اس حکومت کو چلانے والوں پر آئین پر عمل کرنا لازم ہے، اگر کوئی حکومت یا حکومت کا کوئی کل پرزہ آئین اور قانون کی راہ میں رکاوٹ ڈالتا ہے تو اس کا صاف مطلب ہے کہ وہ عوام کے جان ومال کے تحفظ کے بنیادی حق کے خلاف کام کر رہا ہے، اس لیے اس قسم کے حکومتی عہدیداروں یا سرکاری افسروں اور اہلکاروں کے خلاف کارروائی کرنا لازم ہوجاتا ہے۔

مزاحمت اور سمجھوتے کی سیاست

تحریر : سلمان عابد

پی ٹی آئی حالات اور قانونی مشکلات کا مقابلہ کررہی ہے۔ اس کے سیاسی مخالفین یا حامی اس کے بارے میں یہ رائے رکھتے یا قائم رکھے ہوئے تھے کہ پی ٹی آئی مزاحمت والی پارٹی نہیں ہے، ان وہ بھی اپنی رائے میں تبدیلی لا رہے ہیں۔ پی ٹی آئی سب سے زیادہ مقبولیت بھی رکھتی ہے۔ لیکن اس وقت ان کے اردگرد سیاسی گھیرا کافی تنگ ہے اور تمام تر کوششوں کے باوجود پارٹی قیادت کی مشکلات کم نہیں ہورہی ہیں بلکہ ان میں اضافہ ہی ہورہا ہے۔

طاقت ور طبقات کی حمایت رکھنے والے بہت سے باخبر سیاسی پنڈتوں کے بقول پی ٹی آئی، اس کی قیادت خصوصاً بانی پی ٹی آئی کو کسی بھی صورت ریلیف ملنا مشکل ہے اور نہ ہی ان کے کسی سیاسی کردار کو تسلیم کیا جائے گا۔ ان کے بقول بانی پی ٹی آئی کی فوری رہائی ممکن نہیں اور اس کا ایک امکان یہ ہی ہوسکتا ہے کہ اگر وہ خود کو سرنڈر کردیں تو راستہ نکل سکتا ہے۔

بانی پی ٹی آئی کے کردار کے دو پہلو ہیں۔ ایک ان کی سیاست کا جب کہ دوسرا ان پر درج مقدمہ کے حوالے سے ہے۔ دونوں پہلوؤں سے انھیں مختلف سیاسی اور قانونی مشکلات کا سامنا ہے۔ ماضی میں اس طرز کی صورتحال کا سامنا کئی سیاست دانوں بالخصوص بے نظیر بھٹو اور نواز شریف کو بھی رہا ہے۔

اس لیے ہماری سیاسی تاریخ اس قسم کی صورتحال سے بھری پڑی ہے۔ بانی پی ٹی آئی بدستور مزاحمت کے عمل سے گزر رہے ہیں، وہ اپنے موقف پر بظاہر ڈٹے ہوئے ہیں تو دوسری طرف ان کی پارٹی کی قیادت مذاکرات کی باتیں بھی کررہی ہے۔

بانی پی ٹی آئی کی مزاحمت تین محاذوں پر موجود ہے۔ اول ان کے سیاسی مخالفین، دوئم ان کا اسٹیبلشمنٹ سے ٹکراو اور سوئم ان کے میڈیا سے خراب تعلقات نے ان کی مشکلات میں اور زیادہ اضافہ کردیا ہے۔

اگرچہ انھیں ڈیجیٹل میڈیا کے محاذ پر کامیابی حاصل ہے اور ان کی سیاسی بیانیہ کی کامیابی کی وجہ بھی ڈیجیٹل میڈیا ہے۔ لیکن یہ ہی ڈیجیٹل میڈیا جہاں ان کی سیاسی طاقت ہے وہیں اس میڈیا نے ان کے لیے مشکلات بھی بڑھا رکھی ہیں۔

اسی وجہ سے اسٹیبلشمنٹ اور برسراقتدار سیاسی جماعتوں کے ساتھ ان کے تعلقات خراب ہیں۔ کیونکہ ڈیجیٹل میڈیا پر بانی پی ٹی آئی کی حمایت میں موجود بیانیہ اینٹی اسٹیٹ رخ اختیار کررہا ہے۔ ادھر مسئلہ یہ ہے کہ ڈیجیٹل میڈیا پر جو لوگ اور گروہ بانی پی ٹی آئی کی حمایت کررہے ہیں اور ان کے مخالفین کے خلاف بیانیے کی ترویج کررہے ہیں، ان پر پی ٹی آئی کی قیادت کا کوئی کنٹرول نہیں ہے۔ یہ ہی وجہ ہے کہ پارٹی کے بیشتر افراد یا راہنما ڈیجیٹل میڈیا پر موجود بیانیہ سے انحراف کرکے ان کے ساتھ لاتعلقی دکھاتے ہیں۔

پی ٹی آئی اور اس کے ووٹرز، سپورٹرز داخلی اور خارجی دونوں محاذوں پر اپنی مزاحمت کے باوجود اپنے لیڈر کی رہائی کو ممکن نہیں بنا سکے۔ پی ٹی آئی کے دیگر اسیران شاہ محمود قریشی، یاسمین راشد، میاں محمود الرشید، اعجاز چوہدری اور عمر سرفراز چیمہ کی رہائی یا دوسرے گرفتار افراد کی رہائی کے لیے پی ٹی آئی کا ڈیجیٹل میڈیا کچھ نہیں کرتا۔

ایک وجہ پارٹی کا تنظیمی بحران ہے اور یہ بحران بہت پہلے سے ہی تھا جس پر کبھی بھی بانی پی ٹی آئی نے درستگی کے لیے کوئی توجہ نہیں دی تھی۔ وہ زیادہ تر سیاسی لوگوں کے بجائے غیر سیاسی لوگوں پر انحصار کرتے تھے اور مشکل وقت میں یہ غیر سیاسی لوگ ان کے ساتھ کھڑے نہیں ہوسکے۔ جو لوگ آج پارٹی کے ساتھ عملی طور پر کھڑے ہیں ان میں سے بیشتر وہ لوگ ہیں جو بانی پی ٹی آئی کی سیاست اور اقتدار میں کسی نہ کسی شکل میں نظرانداز ہوئے۔

لیکن اس کے باوجود وہ مشکل وقت میں اپنے لیڈر کے ساتھ کھڑے بھی ہیں اور جیلوں میں قید بھی ہیں۔ جو لوگ جیلوں میں نہیں ہیں مگر وہ بھی تمام تر مشکلات کے باوجود پی ٹی آئی کے ساتھ کھڑے ہیں۔ یہ جو بانی پی ٹی آئی کی رہائی میں کوئی بڑی مہم یا پزیرائی نہیں مل سکی، اس کی وجہ کمزور پی ٹی آئی کا بطور جماعت سیاسی ڈھانچہ ہے۔ اس وقت بھی عوامی سطح پر جو مزاحمت دیکھنے کو مل رہی ہے اس کا تعلق خیبر پختونخواہ سے ہے اور اس کے پیچھے صوبائی حکومت کی طاقت بھی ہے۔ علی امین گنڈاپور خود صوبائی سطح پر بھی متنازعہ ہیں بلکہ دیگر صوبوں میں بھی ان کی قبولیت پر تحفظات ہیں۔

بانی پی ٹی آئی کی ایک مشکل یہ ہے کہ ان کی جماعت میں بیشتر لوگ اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ رابطوں میں ہیں یا پی ٹی آئی کی سیاسی بحالی میں وہ اسٹیبلشمنٹ سے مفاہمت اور ان کی شرائط کے ساتھ آگے بڑھنا چاہتے ہیں۔ لیکن ان کی ناکامی یہ ہے کہ وہ اپنی تمام تر کوششوں کے باوجود بانی پی ٹی آئی اور دیگر ساتھیوں کی رہائی کو ممکن نہیں بنا سکے۔

اس طبقہ کے بقول اگر ریلیف نہیں مل رہا تو اس کی وجہ ہم نہیں بلکہ خود عملی طور پر بانی پی ٹی آئی کی متنازعہ سیاست ہے۔ اسی طبقہ کے بقول پارٹی میں پاکستان سے اندر اور باہر ایسے افراد کی موجودگی اور ان کے سیاسی بیانات بھی مفاہمت کی سیاست میں رکاوٹ پیدا کررہے ہیں۔ جو لوگ بانی پی ٹی آئی کی سیاست کے مزاج کو سمجھتے ہیں، وہ یہ تسلیم کریں گے کہ وہ اپنی مرضی کے آدمی ہیں اور اپنے فیصلے کرنے کا وہی اپنا منفرد مزاج بھی رکھتے ہیں۔

یہ ہی وجہ ہے کہ پارٹی میں بھی بہت سے لوگ یہ گلہ کرتے ہیں کہ بڑے فیصلے کرنے سے قبل ہمیں مشاورت کا حصہ نہیں بنایا جاتا بلکہ اچانک سے بڑے فیصلے سامنے آکر ان کو دفاعی پوزیشن پر کھڑا کردیتے ہیں۔ انھوں نے سیاست میں تقسیم پیدا کردی ہے۔

ان کی سیاست نے خود پارٹی کے لیے بھی مسائل پیدا کردیے ہیں۔ ان کا رویہ ہمیشہ سے دوسری سیاسی جماعتوں کے ساتھ بہتر نہیں رہا اور ان کی سیاست کا بیشتر حصہ دوسروں پر تنقید ہی رہا جو ان کو بہت سے سیاسی جماعتوں سے فاصلوں پر رکھتا ہے۔ اسی بنیاد پر ملک کی مین اسٹریم پاپولر سیاسی جماعتیں ہی نہیں بلکہ چھوٹی اور علاقائی جماعتوں کی توجہ کا مرکز بھی پی ٹی آئی نہیں بلکہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن ہوتی ہے اور وہ ان کے ساتھ اتحادی کے طور پر کھڑے ہوتے ہیں۔

ایک مشکل یہ بھی رہی کہ بانی پی ٹی آئی مخالف سیاسی جماعتوں کے ساتھ مذاکرات چاہتے ہیں نہ ہی انھیں تسلیم کرنا چاہتے ہیں، اس حکومت کو بھی تسلیم نہیں کرتے، ان کی تمام تر کوشش یہی رہی ہے کہ وہ اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ اپنے معاملات طے کریں اور اب بھی وہ یہی چاہتے ہیں۔ یہ ہی وجہ ہے کہ سیاسی نظام میں موجود سیاسی جماعتیں ان کے لیے نرم گوشہ نہیں رکھتیں اور پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کرکے اپنے تعلقات اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ خراب نہیں کرنا چاہتیں۔

بانی پی ٹی آئی کے سیاسی یا غیر سیاسی مخالفین نے اس نقطہ کو بھی مضبوطی سے پیش کیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی اپنی بات سے مکر جانے کا ریکارڈ رکھتے ہیں، وہ دوبارہ اقتدار میں آکر ہر بات سے مکر جائیں گے اور پھر وہی انقلابی سیاست کو آگے بڑھائیں گے۔ یہ ہی وجہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے لیے کسی کے پاس نرمی یا ڈھیل کے جذبات نہیں ہیں۔ مسئلہ پی ٹی آئی ہی نہیں بلکہ سیاسی اور غیر سیاسی اسٹیک ہولڈرز بھی ہیں جو درمیانی راستہ نکالنا نہیں چاہتے، یہ لوگ بھی سیاسی طور پر کئی حقائق سے نظریں چرا رہے ہیں اور پی ٹی آئی کی سیاسی حقیقت کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں۔

ایک بات طے ہے کہ جب بھی کوئی اور کسی بھی طرز کی مفاہمت کی بات آگے بڑھے گی یا پی ٹی آئی کو سیاسی راستہ دیا جائے گا تو سیاسی استحکام بھی آجائے گا۔ جب کسی بھی سطح پر مفاہمت کی بات کی جاتی ہے تو لوگ اسٹیبلشمنٹ اور اس کی رضامندی کی طرف بھی دیکھتے ہیں اور پھر نتیجہ اخذ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ دیکھنا ہوگا کہ بانی پی ٹی آئی مزاحمت کرتے ہیں یا سمجھوتے کی سیاست کا حصہ بن کر وہی کچھ کرتے ہیں جو ماضی میں دیگر سیاست دان کرتے رہے ہیں۔

جنوبی کوریا معاشی ترقی اور کرپشن کا تال میل

تحریر : خالد محمود رسول

کوریا کے نوجوانوں کو قدر نہیں، انھیں معلوم ہی نہیں کہ ہماری نسل نے کیا کیا نہیں سہا، کتنی محنت کی اور قربانیاں دیں۔ آج کے نوجوان تن آسان ہوگئے ہیں۔ یہ تھری ڈی جابز سے دور بھاگتے ہیں:

کوریا کے دارالحکومت سیول شہر کے درمیان سے بہتے ہوئے ہن دریا پر ایستادہ ایک بوٹ ریسٹورنٹ میں مسٹر لی اپنی نئی نسل کے بارے میں ناراضی کا اظہار کررہے تھے۔ یہ واقعہ لگ بھگ 26 /25 برس قبل کا ہے۔ کوریا اس دوران میں بہت بدل گیا ہے لیکن ایک چیز بدلنے میں ابھی تک کامیابی نہیں ہوئی اور وہ ہے سیاست اور کاروبار کے درمیان کرپشن، تعلقات اور اقربا پروری کا مضبوط گٹھ جوڑ۔

یہ گلہ ہم نے بارہا بہت سے ادھیڑ عمر کورین احباب سے بھی سنا۔ مسٹر لی کی نسل نے جو جنوبی کوریا اپنی محنت سے پروان چڑھایا وہ ملک کا مشکل ترین وقت تھا۔ ملک دولخت ہونے کے بعد 50 کی دہائی میں خوفناک کورین جنگ کے بعد معیشت اور سماج تباہ حالت میں تھے۔

1961 میں جنرل پارک نے فوجی انقلاب کے ذریعے حکومت سنبھالی۔ ان کے دور میں معاشی ترقی کی بنیاد رکھی گئی۔ جنوبی کوریا نے بہت سی مشکلات اور وسائل کی کمیابی، ہنرمندی کی نایابی اور عالمی مالیاتی اداروں کے عدم تعاون کے باوجود معجزہ کر دکھایا۔

70 کی دہائی میں کوریا صنعتی اور معاشی ترقی کے سفر پر بہت تیزی سے رواں دواں ہو گیا۔ تاہم اس معاشی ترقی کی کورین سماج کو بھاری قیمت ادا کرنی پڑی۔ سیاسی مخالفین پر جبر اور استبداد کا سلوک روا رکھا گیا۔

انسانی حقوق کی خوفناک اور مسلسل خلاف ورزیاں معمول رہیں۔ حکومت اور بڑے کاروباری اداروں کے درمیان کرپشن، تعلقات اور فیورز کا سلسلہ بھی خوب پھلا پھیلا۔ جدید جنوبی کوریا کے معمار کا طرز حکومت انتہائی جابرانہ رہا۔ وہ 1979 میں اپنے ہی ایک محافظ کی گولیوں کا شکار ہوگئے۔

صدر پارک کے آمرانہ نظام حکومت کے بعد کورین سماج کو جمہوری روایات کی پاسداری کے لیے دو دہائیوں سے زائد مسلسل جدوجہد کرنا پڑی۔ وقت کے ساتھ ساتھ بالآخر جنوبی کوریا میں جمہوری ادارے اور جمہوریت پھلتی پھولتی گئی۔

جنوبی کوریا کی معاشی ترقی پورے خطے بلکہ دنیا میں اظہر من الشمس ہے۔ تاہم اس معاشی ترقی کے پس منظر میں حکومتی تعاون اور ریاستی سطح پر کہیں نہ کہیں سرپرستی اور فیورز کا بھی کلیدی عمل دخل بھی ہمیشہ رہا۔ گزشتہ دو دہائیوں سے معاشی ترقی اور معاشرے میں بہتر لائف اسٹائل اور انٹرنیشنل ایکسپوژر کی وجہ سے جمہوری روایتیں بتدریج مضبوط ہوتی گئیں۔

یہی وجہ ہے کہ جو مالیاتی اسکینڈل کبھی چھپانا آسان تھے، اب نہیں۔ تازہ ترین اسکینڈل موجودہ صدر ہون سے متعلق ہے۔ اس سے قبل 2013 سے 2018 تک پہلی خاتون صدر پارک گن ہیی کا مواخذہ بھی کرپشن کی بنیاد پر ہوا۔

بڑے کاروباری اداروں کے درجنوں اسکینڈلز گزشتہ دہائیوں میں خبروں کی زینت بنے۔ تازہ ترین اسکینڈل کی بنیاد پر صدر ہون کی جانب سے مارشل لا لگانے کے۔ اچانک فیصلے نے دنیا کو حیران کردیا۔

جنوبی کوریا کی صنعتی اور تجارتی ترقی کے خدوخال جاپان سے ماخوذ ہیں۔ تاہم کورین معاشرے کا مزاج اور روایات صنعتی وتجارتی ماحول کا حصہ بنیں۔ صنعتی ترقی کے آغاز پر وسائل کی کمی، ایکسپورٹس اور تیز بہدف ترقی کے لیے حکومت نے نجی سرمایہ کاروں کو خصوصی سہولیات فراہم کیں۔

انھیں صنعتی میدان میں منافع اور سرکاری بینکوں سے آسان قرضوں سمیت بہت سی مراعات فراہم کی گئیں۔ جواب میں بڑے کاروباری گروپ جنھیں مقامی زبان میں چیبلز کہا جاتا ہے نے حکومتوں، سرکاری اعلیٰ افسران اور سیاست دانوں کو مالیاتی فیورز سمیت بہت سے فوائد سے نوازا۔

مفادات پر مبنی گٹھ جوڑ کی جڑیں وقت کے ساتھ ساتھ مزید پھیلتی چلی گئیں۔ یہی وجہ ہے کہ تیزی سے ترقی کرنے اور جمہوری روایات کے مضبوط ہونے کے باوجود کاروبار کرنے کے انداز واطوار میں مفادات، اقربا پروری، رشتہ داری، میل ملاپ اور طاقت کا استعمال معمول رہا اور ہے۔

موجودہ صدر اپنی اہلیہ کے سبب بار بار تین بار مالیاتی اسکینڈلز کی زد میں آئے۔ اپریل میں ہونے والے انتخابات میں اپوزیشن نے نیشنل اسمبلی میں اکثریت حاصل کرلی۔ گزشتہ سات آٹھ ماہ میں اپوزیشن نے خاتون اول پر مالی بے ضابطگیوں کی تفتیش کے لیے تین بار بلز پیش کیے۔

اپوزیشن چوتھی بار نیشنل اسمبلی میں خاتون اول سے تفتیش کا بل لانے کی تیاری کررہی تھی۔ صدر نے ہر ممکنہ کوشش ناکام ہوتے دیکھ کر ملک میں اچانک مارشل لا لگانے کا اعلان کردیا جس کے نتیجے میں انھیں ایمرجنسی اختیارات حاصل ہو جاتے اور خاتون اول کے خلاف فوری تفتیش کا خطرہ ٹل جاتا۔

یہ چال اسی رات ہی الٹ پڑ گئی۔ اپوزیشن کے ساتھ ان کی اپنی جماعت کے لوگوں نے اسی رات اکٹھے ہوکر مارشل لا کے خلاف قرارداد پاس کی۔ عوام نے بھی راتوں رات سئیول شہر میں باہر نکل کر اس اقدام کی شدید مخالفت کی۔

غیر متوقع طور پر اس قدر شدید ردعمل کے بعد صدر نے مارشل لا لگانے کا فیصلہ واپس لے لیا۔ اس کے بعد پارلیمنٹ میں ان کے خلاف مواخذے کی تحریک پیش ہوئی جو کامیاب ہوئی۔ اب صدر اپنے عہدے سے معطل ہیں، وزیراعظم عبوری صدر کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

صدر کی تقدیر کا فیصلہ اب ایک آئینی عدالت کے سپرد ہے۔ حالیہ سالوں میں ایشیا میں تیز ترین صنعتی اور تجارتی ترقی کرنے والے ممالک میں کرپشن کا گٹھ جوڑ بہت نمایاں رہا۔ چین، ویت نام، تھائی لینڈ، فلپائن، انڈونیشیا اور بہت سے دیگر ممالک میں بھی معاشی ترقی کے ساتھ ساتھ کرپشن، تعلقات اور مفادات کا حصول جڑا رہا۔

پاکستان میں عجب معاملہ ہوا کہ کرپشن کے سیلاب کے باوجود صنعتی وتجارتی ترقی کا خانہ خالی رہا۔ بدقسمتی سے سیاسی اور غیر سیاسی اشرافیہ نے ملک کنگال کردیا مگر کرپشن کی بہتی گنگا کبھی خشک نہیں ہونے دی۔

جنوبی کوریا کے عوام نے دھیرے دھیرے اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کرنا سیکھ لی لیکن ہم آج بھی شخصیات کے سحر میں پھنسے ہوئے اور کسی مسیحا کے انتظار میں ہاتھ پاؤں ہلانے کے بجائے ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہنے کو قابل ترجیح سمجھتے ہیں۔

تاہم پھر بھی یہ سوال پوچھتے نہیں تھکتے کہ کوریا نے معاشی ترقی کا قاعدہ تو ہمیں سے پڑھا تھا لیکن ہم یہ معجزہ کیوں نہ کرسکے؟

پی ایس ایل 10، فینز چوائس ایوارڈز متعارف کروادیا گیا

شائقین کرکٹ کے ووٹ کا انتخاب کھلاڑیوں کی پرفارمنس بتائے گی، کرکٹ ذرائع

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ نے پی ایس ایل کے 10ویں ایڈیشن کے آغاز سے قبل فینز چوائس ایوارڈز متعارف کروادیا۔ بورڈ کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ شائقین کرکٹ کے ووٹ کے ذریعے گزشتہ ایڈیشنز میں حصہ لینے والے بہترین کھلاڑیوں کا ان کی پرفارمنس کی بنیاد پر انتخاب کریں گے۔ 6 کیٹگریز میں ایوارڈز دیے جائیں گے جن میں بہترین بیٹر، بہترین بولر، بہترین آل رانڈر، سب سے قیمتی کھلاڑی، بہترین انفرادی بولنگ پرفارمنس اور بہترین انفرادی بیٹنگ پرفارمنس شامل ہیں۔ سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کے ناموں کا اعلان 11 جنوری کو پی ایس ایل ڈرافٹ کی تقریب میں کیا جائے گا۔ ٹورنامنٹ کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر سلمان نصیر کا کہنا ہے کہ پرجوش شائقین کو اپنے پی ایل پی ایس ایل کے اس ایوارڈز میں شریک کرنے مقصد پاکستان سپر لیگ سے ان کی جذباتی وابستگی کا اعتراف ہے۔ انکا کہنا تھا کہ پی ایس ایل کا کامیاب سفر ان پرجوش شائقین کے بغیر ممکن نہیں۔

چیمپئینز ٹرافی، دبئی کا نام ہائبرڈ ماڈل کیلئے فائنل ہوگیا، ذرائع

ٹرافی کیلئے نیوٹرل ویئنو دبئی میں بھارتی ٹیم اپنے تمام میچز کھیلے گی، اسی مقام پر پاک بھارت ٹاکرا بھی 23 فروری کو ہوگا

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) پاکستان کی میزبانی میں شیڈول آئی سی سی چیمپئینز ٹرافی میں بھارت کے تمام میچز کی میزبانی دبئی کا نام فائنل کرلیا گیا۔ چیمپئینز ٹرافی کیلئے نیوٹرل ویئنو دبئی ہوگا، جہاں بھارتی ٹیم اپنے تمام میچز کھیلے گی جبکہ اسی مقام پر پاک بھارت ٹاکرا بھی 23 فروری کو کھیلا جائے گا۔ چیمپئینز ٹرافی کیلئے نیوٹرل ویئنو دبئی ہوگا، جہاں بھارتی ٹیم اپنے تمام میچز کھیلے گی جبکہ اسی مقام پر پاک بھارت ٹاکرا بھی 23 فروری کو کھیلا جائے گا۔ گزشتہ روز ممکنہ شیڈول شیڈول میں بتایا گیا تھا کہ ایونٹ کا آغاز 19 فروری سے ہوگا، افتتاحی مقابلہ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان 19 فروری کو کراچی میں کھیلا جائے گا۔ قومی ٹیم اپنا تیسرا میچ 27 فروری کو بنگلادیش کے خلاف کھیلے گی، پہلا سیمی فائنل 3 مارچ اور دوسرا 4 مارچ کو کھیلا جائے گا، اسی طرح ایونٹ کا فائنل 9 مارچ کو لاہور یا نیوٹرل ویئنو پر ہوگا۔ ایونٹ کے آغاز سے قبل چھ دن کا سپورٹ پریڈ رکھا گیا ہے، اس سپورٹ پریڈ میں ٹیموں کی آمد اور پریکٹس وغیرہ شامل ہے۔ یہ ٹائم پریڈ 12 سے 18 فروری تک ہوگا۔ قبل ازیں انٹرنیشنل کرکٹ کونسل) آئی سی سی (نے چیمپئینز ٹرافی کے ہائبرڈ ماڈل سے متعلق معاملات پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا تھا کہ پاکستان اور بھارت کی ٹیمیں میگا ایونٹ سمیت تمام ٹورنامنٹس میں 2027 تک نیوٹرل ویئنوز پر کھیلیں گی۔

عبداللہ شفیق کی زیرو ہیٹ ٹرک، بدترین ریکارڈ بھی اپنے نام کرلیا

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) قومی کرکٹ ٹیم کے نوجوان اوپنر عبداللہ شفیق نے ایک روزہ سیریز میں جنوبی افریقہ کے خلاف انتہائی ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے صفر پر آٹ ہونے کا بدترین ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ جنوبی افریقہ کے شہر جوہانسبرگ میں سیریز کے تیسرے اور آخری میچ میں عبداللہ شفیق پہلے اوور کی دوسری گیند پر ربادا کی وکٹ بن گئے اور خراب ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ عبداللہ شفیق مسلسل تین دفعہ صفر پر آٹ ہوکر ایک ون ڈے سیریز کے تمام میچوں میں صفر پر آٹ ہونے والے پہلے اوپنر بن گئے ہیں جبکہ مسلسل 3 میچوں میں صفر پر آٹ ہونے کا منفی ریکارڈ عظیم بلے باز سچن ٹنڈولکر اور آسٹریلیا کے سابق مایہ ناز بیٹر رکی پونٹنگ کے پاس بھی ہے۔ پاکستانی کرکٹ ٹیم ٹی 20 سیریز میں ناکامی کے بعد جنوبی افریقہ کے خلاف تین میچوں کی ایک روزہ سیریز پہلے ہی اپنے نام کرچکی ہے تاہم عبداللہ شفیق پہلے میچ میں مارکو جینسن کی گیند پر بولڈ ہوگئے تھے۔ کیپ ٹاؤن میں کھیلے گئے دوسرے میچ میں عبداللہ شفیق کو جینسن نے شکار بنایا تھا اور اس سے قبل انہوں نے دو گیندوں کا سامنا کیا تھا۔ کرکٹ کے ریکارڈز کے مطابق بھارت کے عظیم بیٹر سچن ٹنڈولکر 1994 نے مسلسل تین میچوں میں صفر پر آٹ ہوکر یہ ریکارڈ بنایا تھا جبکہ رکی پونٹنگ 2000 میں ایک روزہ سیریز کے 3 میچوں میں مسلسل صفر پر آٹ ہوگئے تھے۔ مسلسل تین میچوں میں صفر پر آٹ ہونے والے کھلاڑیوں کی فہرست طویل ہے اور اس میں پاکستان کے سابق اوپنرز بھی شامل ہیں۔

اے آئی ٹیکنالوجی نے رونالڈو کو اہلیہ کے ہمراہ زیارت کروادی

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) اے آئی ٹیکنالوجی نے پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کو اہلیہ کے ہمراہ مقدس مقامات زیارت کروادی۔ سعودی فٹبال کلب النصر کے معروف فٹبالر آرٹیفیشل انٹیلیجنس) اے آئی (کے ذریعے سعودی عرب کی انتہائی مقدس مقام کی زیارت کروانے کی تصاویر سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہورہی ہے۔ رونالڈو کو اہلیہ کے ہمراہ زیارت کرتے دکھایا گیا ہے جس پر کئی صارفین تنقید کا نشانہ بنارہے ہیں جبکہ کچھ نے تصویر کو حقیقت کے قریب تر قرار دیا ہے۔ یہ تصاویر النصر فٹبال کلب کے سابق گول کیپر ولید عبداللہ کے بیان کے بعد وائرل ہوئی ہیں جس میں انکا کہنا تھا کہ کرسٹیانو رونالڈو اسلام قبول کرنا چاہتے ہیں۔ ولید عبداللہ کا مزید کہنا تھا کہ اسلام قبول کرنے کے متعلق رونالڈو سے بات کی تھی اور انہیں اس میں دلچسپی تھی۔ ایک دفع انہوں نے گول کرکے میدان میں سجدہ کیا۔ جب رونالڈو نے سجدہ کیا تو تمام کھلاڑیوں نے ہم آواز ہوکر) اللہ اکبر (کا نعرہ لگایا۔ وہ جب بھی اذان سنتے ہیں تو کوچ سے ٹریننگ روکنے کا کہتے ہیں۔

بارڈر گواسکر ٹرافی، ویرات کوہلی کے بعد راویندرا جڈیجا بھی صحافی سے الجھ پڑے

ممبئی (اسپورٹس ڈیسک) بھارتی ٹیم کا دورہ آسٹریلیا مشکلات کے بھنور سے نکلنے کا نام ہی نہیں لے رہا، آل رانڈر رویندرا جڈیجا بھی کوہلی کے بعد صحافیوں سے الجھ بیٹھے۔ میلبرن ٹیسٹ میچ کے آغاز سے قبل بھارتی آل رانڈر رویندرا جڈیجا نے آسٹریلوی میڈیا کے صحافیوں کے سوالات کا جواب دینے سے انکار کردیا۔ آسٹریلوی چینل 7 نے اپنی رپورٹ میں دعویٰ کیا ہے کہ جڈیجا نے انگریزی میں سوالوں کے جواب دینے سے انکار کردیا جبکہ ہندی میں آئے جب ہندوستانی میڈیا کے ارکان سے گفتگو جاری رکھی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ جڈیجا کے ساتھ بات چیت کا انٹرویو بھی محض ہندوستانی میڈیا کے واٹس ایپ گروپ پر شیئر کیا گیا۔ ادھر بھارت کے میڈیا نے اپنے کھلاڑی کی سپورٹ میں کہا کہ اپنے کھلاڑی کی فہرست میں کہا کہ پریس کانفرنس کا انعقاد صرف ہندوستانی میڈیا کیلئے کیا گیا

کپل شرما کے ساتھ کام کرنا زندگی کی سب سے بڑی غلطی تھی، نسیم وکی

سرحد پار کام کرنے کے بعد محبت یا پذیرائی کے بجائے زیادہ تر تنقید کا سامنا کرنا پڑا، کامیڈین

بقیہ نمبر 1

گے۔اے ڈی ایم گروپ ای وی چارجنگ انفراسٹرکچر کے لیے 90 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری فراہم کرے گا۔ پاکستان میں ای وی مینوفیکچرنگ پلانٹ کے قیام کے لیے 250 ملین ڈالر مختص کیے گئے ہیں۔الیکٹرک گاڑیاں ایک مرتبہ چارج کرنے پر 300 کلومیٹر تک سفر کرنے کی صلاحیت کی حامل ہوں گی۔ الیکٹرک گاڑیوں کا استعمال کاربن کے اخراج میں کمی اور ایندھن پر انحصار کم کرنے میں معاون ہوگا۔گرین انرجی اہداف کے مطابق پاکستان ای وی مینوفیکچرنگ اور انفراسٹرکچر کا علاقائی مرکز بننے کی راہ پر گامزن ہے۔ایس آئی ایف سی کے تعاون سے ای وی چارجنگ اسٹیشنز کا قیام حکومت کی ماحول دوست پالیسیوں کے لیے خوش آئند ہے۔واضح رہے کہ یف پی سی سی آئی کی انرجی اسٹینڈنگ کمیٹی کے کنوینر ملک خدا بخش نے بتایا کہ ہم چائنیز کمپنی کے تعاون سے ملک میں 3 ہزار الیکٹرک چارجنگ وہیکل (EV) اسٹیشنز لگانے جارہے ہیں اور اس سلسلے میں ہم نے چائنا کی ایک معروف کمپنی اور حکومت پاکستان کے ساتھ معاہدہ بھی کیا ہے،ہمارے پروگرام میں یہ بھی شامل ہے کہ پشاور سے لے کراچی تک موٹر وے پر ای وی اسٹیشنز لگائیں گے،اس معاہدے کے تحت ملک میں مجموعی طور پر تقریباً350 ملین ڈالرز کی بیرونی سرمایہ کاری آئے گی۔ملک خدا بخش نے بتایا کہ ابتداء میں ای وی اسٹیشنز لگانے کیلئے 90 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی جبکہ فروری 2025 میں مینوفیکچرنگ پر 250 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی جائے گی،الیکٹرک چارجنگ وہیکل (EV) اسٹیشنز کے قیام سے نہ صرف پاکستان میں فیول کی درآمد میں کمی ہوگی اور ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر کی بھی بچت ہوگی جبکہ ماحولیاتی آلودگی کا بھی خاتمہ ہوگا۔

بقیہ نمبر 2

کہ یہ تاثر سراسر غلط ہے کہ لائنوں کا پانی واٹر ٹینکرز کے ذریعے فراہم کیا جاتا ہے کیونکہ ٹوٹل 650 ایم جی ڈی پانی میں سے سرکاری ہائیڈرنٹس کے ذریعے شہر میں صرف یومیہ 15 سے 18 ایم جی ڈی پانی فراہم کیا جاتا ہے جو سرکاری ہائیڈرنٹس کے ذریعے جنرل پبلک سروس کے تحت عوام کو سرکاری رعایتی نرخوں پانی فراہم کیا جاتا ہے انکا کہنا تھا کہ واٹر ٹینکرز کو روکنا ایک غیر قانونی اور غیر اخلاقی عمل ہے کیونکہ واٹر ٹینکرز کے ذریعے عوام سمیت مساجد امام بارگاہوں ہسپتالوں سکولوں سرکاری و ریاستی اداروں اور عوامی ٹینکوں میں پانی فراہم کیا جاتا ہے ترجمان نے کہا کہ غلط افواہیں پھیلا کر شہریوں کو پریشان کیا جارہا ہے اس لیے قانون کو اپنے ہاتھ میں لینے کی اجازت کسی کو بھی نہیں دی جائے گی اور قانون کو جو اپنے ہاتھ میں لے گا یا ریاست اور اداروں کی رٹ کو چیلنج کرے گا اس کے خلاف فوری سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے کہا کہ مظاہرے کر کے سرکاری املاک کو نقصان پہنچانا ایک غیر قانونی عمل ہے جو کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے والے کو کسی بھی صورت نہیں بخشا جائے گا انہوں نے کہا کہ مظاہرہ کرنے والوں کی فوٹیج ریاستوں اداروں کو ارسال کی گئیں ہیں تا کہ ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنر وایس ایس پیز کو بھی آگاہی دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 3

مقابلے کے بعد آفیسر الیون نے جیت لیا اس موقع پر چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ نے کہا کہ سرکاری اسکولوں میں اس طرز کے پروگرام ایک خوش آئند بات ہے جس کا تمام سہرا ڈائریکٹر ایجوکیشن ندیم حنیف اور ان کی ٹیم کو جاتا ہے تعلیم کے ساتھ کھیل کود کے پروگراموں سے بچوں کی نشوونما میں اضافہ ہوتا ہے یہ بچے ہماری قوم کا مستقبل ہے پاکستان کی آبادی کا زیادہ حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے اور ہمیں ان کو زیادہ سے زیادہ مواقع میسر کرنے ہیں ہمارا عزم ہے کہ انشاءاللہ گلبرگ ٹاؤن کے تمام پارک و پلے گراؤنڈ آباد کریں گے اس موقع پر میونسپل کمشنر عبدالحمید سہاگ نے مقابلہ میں حصہ لینے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کی اور انہوں نے کہا کہ جیت اور ہار کھیل کا حصہ ہے مقابلے میں حصہ لینے والے تمام بچے اور اساتذہ قابل تعریف ہیں ہماری کوشش ہے کہ ٹاؤن کے تمام ملازمین اور یہاں رہنے والوں کو بہتر سے بہتر سہولیات میسر کریں جبکہ دیگر مہمان گرامی میں امیر، نائب امیر فاروق نعمت اللہ، وائس چیئرمین محمد الیاس، میونسپل کمشنر حمید اللہ سہاگ، یوسی چیئرمین و وائس چیئرمین ڈائریکٹر ایجوکیشن ندیم حنیف، ڈپٹی ڈائریکٹرز، تعلیمی کمیٹی کے اراکین، اساتذہ کرام، منتظمین اور دیگر سماجی شخصیات، منتخب عوامی نمائندگان اور صحافیوں نے شرکت کی

بقیہ نمبر 4

صدر شہباز عبدالجبار اور ٹریننگ ڈپارٹمنٹ کے ہیڈ عمر خان نے اپنے خیالات اور تجربات کا اظہار کیا۔ورکشاپ کا مقصد آئمہ اور خدام کو دینی و سماجی تربیت کو مستحکم کرنا اور انہیں معاشرتی مسائل پر بہتر رہنمائی فراہم کرنا تھا۔اس موقع پر فیصل ندیم نے علما کی اہمیت پر بات کرتے ہوئے کہا،"علما قوم کے معمار ہیں، وہ نہ صرف لوگوں کی روحانی رہنمائی کرتے ہیں بلکہ معاشرتی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ان کی ذمہ داریاں معاشرتی اصلاح، تعلیم اور انسانیت کی خدمت میں نمایاں ہیں ۔اس ورکشاپ میں علما کی معاشرے میں ذمہ داریوں اور ان کی اہمیت پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔تمام شرکا نے اس پروگرام کو دینی و سماجی بہتری کے لیے مفید اور مؤثر قرار دیا۔یاد رہے کہ اس تربیتی ورکشاپ کا انعقاد مرکزی مسلم لیگ کی جانب سے کیا گیا تھا،جس کا مقصد آئمہ اور خدام کی خدمات کو بہتر بنانا اور انہیں نئی راہوں پر رہنمائی فراہم کرنا تھا۔

بقیہ نمبر 5

جاری رہا، پولنگ کے آغاز سے ہی آر ٹس کونسل میں گہما گہمی دیکھنے میں آئی،معروف سماجی، سیاسی، ثقافتی اور شوبز شخصیات سمیت ہزاروں ممبران نے آرٹس کونسل کا رخ کیا۔گورننگ باڈی کے امیدواروں میں ڈاکٹر ہما میر 1908، ڈاکٹر ایس ایم قیصر سجاد 1907، محمد اقبال لطیف 1886، ڈاکٹر عنبرین حسیب عنبر 1873، غازی صلاح الدین 1872، سید ساجد حسن 1856، محمد ایوب شیخ 1778، اخلاق احمد خان 1770، امجد حسین شاہ 1753، عبداللہ سلطان 1752، فرخ تنویر شہاب 1742، امجد سراج میمن نے 1711 ووٹ حاصل کیے۔مخالف پینل کے محمد ایوب 359، مظہر امرا بندو خان 313، طلعت محمود 284، محمد نعیم طاہر 248، ڈاکٹر جاوید منظر 245، عفت شاہد 233، سید ارتضی زیدی 223، وارث رضا 221، سید نسیم شاہ 220 اور سید کشور رضا جعفری 211 ووٹ لے سکے۔

بقیہ نمبر 6

اور علامہ اسلم ایاز سلطانی موجود تھے۔ملاقات کے موقع پر اتحاد اہلسنت نظریاتی، سیاسی و مذہبی ایشوز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔صاحبزادہ میاں جلیل شرقپوری نے دوران ملاقات گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسلام دشمن عناصر ہمارے درمیان فرقہ واریت کی آگ لگا رہے ہیں۔ہمیں عوام اہلسنّت میں آگاہی اور اپنی صفوں میں اتحاد کو برقرار رکھنا ہوگا۔شر پسند عناصر ہمارے جذبات اور احساسات سے کھیلنے کے لیے طرح طرح کے حربے استعمال کر رہے ہیں۔میاں محمد حنفی سیفی سجادہ نشین آستانہ عالیہ راوی ریان شریف میں ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں اسلام دشمن عناصر کو اتحاد اہلسنت کا عملی مظاہرہ دکھانا پڑے گا۔ہمارے جذبات اور احساسات سے کھیلنے والوں کو کہیں پر بھی اب چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی۔مرکزی صدر پاکستان سنی تحریک انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے اپنی گفتگو میں کہا کہ توہین رسالت صحابہ و اہلبیت اور ملک میں موجودہ دہشتگردی یہ سب بڑی سازش کی کڑی ہے۔اسلام دشمن عناصر دیگر مسلم ممالک میں بھی اس طرح کے ہتھکنڈے استعمال کر کے مسلمانوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔پاکستان میں اہلسنت کے اتحاد کو توڑنے کے لیے بھی سازشیں کی جا رہی ہیں۔ہمارا اتحاد اسلام دشمن عناصر کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔یہ ہے ناصر ہماری صفوں میں ہلچل مچانے کے لیے ہمارے نوجوانوں کو ورغلا رہے ہیں۔ہمیں عوام اہلسنت کو ایسے عناصر کی نشاندہی کے ساتھ ساتھ آگاہی فراہم کرنے کی بھی ضرورت ہ

بقیہ نمبر 7

ٹاؤن الٰہی بخش بھن کے ہمراہ الائنس کے صدر سید ذوالفقار شاہ، جنرل سیکرٹری گل اسلام، مسیحی رہنماؤں الیاس سندھو، نوید غوری، الیاس مٹو، یونین رہنماؤں ملک اعجاز، نذیر شاہ، عباس احمد اور دیگر کے ہمراہ کیک کاٹا۔اس موقع پر چیئرمین گلشن اقبال ٹاؤن ڈاکٹر فواد احمد، میونسپل کمشنر گلشن جاوید احمد کلہوڑ، میونسپل کمشنر جناح ٹاؤن الٰہی بخش بھن، ڈائریکٹر سینیٹیشن اقبال احمد، ڈائریکٹر ایڈمن گلشن شمس صاحب کو سندھی ٹوپی اور اجرک کا تحفہ پیش کیا گیا۔سید ذوالفقار شاہ نے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور ملازمین کو کیک پیش کیا گیا۔یوسی اسٹاف آفس اسلامیہ کالج میں بھی کرسمس کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔سید ذوالفقار شاہ، سابق چیف انسپکٹر زاہد علی جعفری اور ملک امیر اعظم کے ہمراہ کیک کاٹا گیا۔اور کرسمس سے قبل تنخواہوں کی ادائیگی کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 8

جائے۔ایس آئی ایف سی کی طرز پر قومی واٹر کونسل بنائی جائے تا کہ ملک کے کونے کونے میں نئے ڈیموں اور نہروں کی تعمیر کو یقینی بنایا جا سکے۔صوبوں کے درمیان پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانے کے لیے تھرڈ پارٹی ٹیلی میٹری آڈٹ کا نظام متعارف کرایا جائے۔ پانی کی بچت کے لیے پرانی نہروں کی سیمنٹ کی لائننگ کی جائے۔پانی کے ضیاع کو ہر قیمت پر روکا جائے اور اس کے ایک ایک قطرے کا صحیح استعمال کیا جائے۔اس مقصد کے لیے ضروری ہے کہ ملک میں موجودہ فلڈ فارمنگ کلچر کی بجائے ڈرپ اریگیشن کو لازمی بنایا جائے۔پانی کی بچت کے لیے بارش کے پانی کی ذخیرہ اندوزی ضروری ہے۔بارش کے پانی کو بچانے کے لیے صحرائی علاقوں میں نئی مصنوعی جھیلیں کھودی جائیں۔کھارے پانی کو صاف کرنے سے ملکی زراعت کو فروغ مل سکتا ہے اس کے علاوہ کھارے پانی کی فصلوں کی ثقافت کو بھی متعارف کرایا جاسکتا ہے

بقیہ نمبر 9

اور مردوزن کے اختلاط سے معاشروں میں بگاڑ پیدا کیا جا سکے لہذا ان حالات میں امت مسلمہ خواتین کی آزادی کے ان اصولوں کی روشنی میں جدوجہد کرے جو جناب سیدہ فاطمہ کی طرف سے مقرر کئے گئے ہیں کیونکہ سیدہ فاطمہ کی پرورش آغوش رسول میں ہوئی خواتین کو چاہیے کہ وہ اپنے خاندانی ذاتی معاملات سے لے کر اجتماعی معاملات تک ہر موقع پر سیدہ کی شخصیت و کردار کو مدنظر رکھیں اس کے ساتھ ساتھ اپنی گود سے نیک سیرت نسلیں معاشرے کو فراہم کریں علامہ سجاد نقوی کے مطابق سیدہ فاطمہ زہرا کی زندگی کے اصولوں کو اجاگر کرنے اور جدید دور کے تقاضوں کے مطابق ان اصولوں پر عمل کر کے ہی مسلم خواتین فلاح حاصل کرسکتی ہیں۔

بقیہ نمبر 10

خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ نظریاتی تحریکیں اپنے اصولوں پر قائم رہ کر ہی اپنوجود کو منواتی ہیں۔لٹریچر نظریاتی کارکن کی روح کی غذا ہے۔کارکن اقامت دین کی جدوجہد کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں صرف کردیں

بقیہ نمبر 11

، انتخابات میں کل 6780 رجسٹرڈ ووٹرز میں سے 2215 ممبران نے حق رائے دہی استعمال کیا۔ووٹ ڈالنے کا عمل دن 12 بجے شروع ہوا جو رات 8 بجے تک بغیر کسی وقفے کے جاری رہا، پولنگ کے آغاز سے ہی آرٹس کونسل میں گہما گہمی دیکھنے میں آئی، معروف سماجی، سیاسی، ثقافتی اور شوبز شخصیات سمیت ہزاروں ممبران نے آرٹس کونسل کا رخ کیا۔گورننگ باڈی کے امیدواروں میں ڈاکٹر ہما میر 1908، ڈاکٹر ایس ایم قیصر سجاد 1907، محمد اقبال لطیف 1886، ڈاکٹر عنبرین حسیب عنبر 1873، غازی صلاح الدین 1872، سید ساجد حسن 1856، محمد ایوب شیخ 1778، اخلاق احمد خان 1770، امجد حسین شاہ 1753، عبداللہ سلطان 1752، فرخ تنویر شہاب 1742، امجد سراج میمن نے 1711 ووٹ حاصل کیے۔مخالف پینل کے محمد ایوب 359، مظہر امرا بندو خان 313، طلعت محمود 284، محمد نعیم طاہر 248، ڈاکٹر جاوید منظر 245، عفت شاہد 233، سید ارتضی زیدی 223، وارث رضا 221، سید نسیم شاہ 220 اور سید کشور رضا جعفری 211 ووٹ لے سکے۔

بقیہ نمبر 12

جو اپنے ہاتھ میں لے گا یا ریاست اور اداروں کی رٹ کو چیلنج کرے گا اس کے خلاف فوری سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔واٹر بورڈ نے کہا کہ مظاہرے کر کے سرکاری املاک کو نقصان پہنچانا ایک غیر قانونی عمل ہے جو کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے والے کو کسی بھی صورت نہیں بخشا جائے گا، مظاہرہ کرنے والوں کی فوٹیج ریاستی اداروں کو ارسال کی گئی ہیں تا کہ ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنر وایس ایس پیز کو آگاہی دی گئی ہے۔ترجمان واٹر بورڈ نے کہا کہ شہر بھر میں پانی کی فراہمی بلاتعطل جاری ہے، تمام علاقوں میں پانی کی فراہمی مکمل طور پر بحال کردی گئی ہے، شہر کو موجودہ وقت یومیہ 1200 ملین گیلن پانی کی ضرورت ہے، واٹر کارپوریشن کے سسٹم میں موجودہ وقت صرف یومیہ 650 ایم جی ڈی پانی دستیاب ہے۔ترجمان نے کہا کہ دھابیجی سے 550 گھارو سے 30 اور حب کینال سے 70 ایم جی ڈی پانی فراہم کیا جاتا ہے جس کی شہر بھر میں منصفانہ تقسیم کی جاتی ہے، یہ تاثر سراسر غلط ہے کہ لائنوں کا پانی واٹر ٹینکرز کے ذریعے فراہم کیا جاتا ہے، ٹوٹل 650 ایم جی ڈی پانی میں سے سرکاری ہائیڈرنٹس کے ذریعے شہر میں صرف یومیہ 15 سے 18 ایم جی ڈی پانی فراہم کیا جاتا ہے۔یاد رہے کہ کراچی میں گزشتہ کئی روز سے پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا تھا جس کے خلاف ہفتہ کو جماعت اسلامی نے 15 مقامات پر احتجاجی مظاہرے کیے تھے۔احتجاجی مظاہروں کے دوران مشتعل افراد نے نیپا اور حسن اسکوائر سے گزرنے والے واٹر ٹینکرز کے وال کھول دیے تھے جس سے ہزاروں گیلن پانی ضائع ہوا۔مظاہرین کا کہنا تھا کہ گھروں میں پانی نہیں آرہا تو ٹینکر مافیا کو پانی کیسے مل رہا ہے؟۔

بقیہ نمبر 13

سے منایا جائے گا، حضرت قائد اعظم کے فرمان اور افکار کے مطابق آج وطن عزیز پاکستان کو ہمیں لیکر آگے بڑھنا ہوگا اور ہم سب کو ملکر وطن عزیز پاکستان کو مضبوط و مستحکم بنانا ہوگا، اللہ پاک ہمارے وطن عزیز پاکستان کو ہر اندرونی و بیرونی خطرات سے محفوظ فرمائے، پاکستان عالم اسلام کا قلعہ ہے، پاکستان ہمارا ملک ہے ہم کسی کو بھی اپنے ملک میں مداخلت کی اجازت نہیں دیں گے، آج پوری قوم پاکستان کے تحفظ وسلامتی کیلئے اپنی بہادر مسلح افواج اور قومی سلامتی کے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ نمبر 14

لیے کیا جارہا ہے۔وائس چانسلر کے مطابق شہر کی کئی جامعات سال کے وسط میں داخلوں کا اعلان کر دیتی ہیں،جس کے سبب ذہین طلبہ کی ایک بڑی تعداد پہلے ہی ان جامعات کا رخ کر لیتی ہے جبکہ ہم چاہتے ہیں کہ جامعہ کراچی میں جو طلبہ داخلہ لے رہے ہیں ان کا معیار بھی یونیورسٹی کی شایان شان ہو۔اس سلسلے میں باقاعدہ ورکنگ پیپر تیار کر کے اکیڈیک کونسل میں منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا۔ایک سوال پر وائس چانسلر نے کہا کہ جولائی میں داخلوں کا عمل مکمل کر کے سیشن بھی اگست یا ستمبر سے شروع کر سکتے ہیں۔واضح رہے کہ کراچی میں قائم کئی نجی اور چند ایک سرکاری جامعات بیچلرز کے داخلوں کے لیے انٹرمیڈیٹ سال دوم کے نتائج کا انتظار نہیں کرتیں بلکہ ان جامعات میں انٹر سال اول کے نتائج کی بنیاد پر ہی جولائی سے داخلے شروع ہوجاتے ہیں جبکہ کراچی سمیت پورے سندھ میں انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کا سلسلہ جولائی اور اگست تک جاری رہتا ہے اور نتائج بمشکل اکتوبر میں جاری ہوتے ہیں۔اسی تناظر میں این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی نے گزشتہ تین سال سے اپنے داخلوں کا وقت تبدیل کر دیا،این ای ڈی یونیورسٹی مارچ میں داخلوں کا اعلان کرتی ہے اور جولائی میں رجحان ٹیسٹ کے بعد داخلوں کا عمل مکمل ہوجاتا ہے۔این ای ڈی یونیورسٹی میں سیشن ستمبر میں شروع ہوجاتا ہے اور داخلوں کا میرٹ بھی انٹر سال اول کے نتائج کی بنیاد پر طے ہوتا ہے۔یاد رہے کہ این ای ڈی میں بھی رجحان ٹیسٹ میں شرکت کرنے والے طلبہ کی تعداد مذکورہ فیصلے سے قبل متاثر ہورہی تھی اور ٹیسٹ میں شریک طلبہ کی تعداد گزشتہ برسوں کی نسبت 30 سے 40 فیصد تک کم ہوگئی تھی۔جامعہ کراچی میں بھی صورت حال اسی طرف جارہی ہے،ادھر داخلہ ٹیسٹ میں شریک طلبہ کے پاس ہونے کا تناسب بھی 31 فیصد تک رہا ہے، داخلہ ٹیسٹ میں 7300 طلبہ شریک ہوئے تھے۔

بقیہ نمبر 15

کو عوامی مسائل سے کوئی سروکار نہیں۔گزشتہ 19 برس سے وفاق میں شامل جماعتوں کی نااہلی کی وجہ سے آج تک کے فورمنصوبہ مکمل نہیں ہوسکا۔مسلم لیگ ن کو کراچی سے کوئی غرض نہیں ہے۔پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم آپس میں نورا کشتی کرتے ہیں اور شہریوں کو بجلی و پانی سے محروم رکھتے ہیں۔ملیر کینٹ سے جیل چورنگی تک ریڈ لائن نے عوام کی زندگی کو مشکل بنادیا ہے۔پیپلز پارٹی گزشتہ 16 سال سے اندرون سندھ سمیت کراچی کے عوام کے ساتھ استحصال کررہی ہے۔جماعت اسلامی کے سابق سٹی ناظم نعمت اللہ خان نے کے تھری منصوبہ مکمل کرنے کے بعد کے فورمنصوبہ پیش کیا اور اس کے لیے بجٹ بھی منظور کروالیا۔اس کے بعد مصطفیٰ کمال آئے اور اپنے کمالات دکھا کر شہر سے اربوں روپے لوٹ کر فرار ہوگئے لیکن کے فورمنصوبہ مکمل نہیں کیا۔ہمارا مطالبہ ہے کہ فوری طور کے فورمنصوبہ مکمل کیا جائے،کراچی کے تباہ حال انفرااسٹرکچر بحال کیا جائے۔مظاہرے کے شرکاء نے مختلف بینرز اور پلے کارڈز اُٹھائے ہوئے تھے جن پر کراچی دشمنی بند کرو، پانی دو پانی دو، ہمیں ٹینکروں میں نہیں نلکوں میں پانی دو، 97 فیصد ٹیکس دینے والا شہر پانی سے محروم، ذمہ دار قابض میئر مرتضیٰ وہاب، پانی دو، جینے دو، ٹینکر مافیا کی حکومتی سرپرستی ختم کرو، واٹر کارپوریشن کے چیئرمین مرتضیٰ وہاب استعفیٰ دو' سمیت دیگر نعرے اور مطالبات درج تھے۔مظاہرین نے قابض میئر اور واٹر بورڈ کی نااہلی پر زبردست نعرے لگائے، نامنظور نامنظور ٹینکر مافیا نامنظور، پانی دو پانی دو کراچی کے عوام کو پانی دو، گلی گلی میں شور ہے قابض میئر چور ہے۔مظاہرے سے نائب امیر ضلع شرقی سید قطب احمد، جے آئی یوتھ کراچی کے جنرل سیکرٹری اسماعیل بلوچ ودیگر نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ نمبر 16

ادارہ شماریات کے مطابق جنوری میں مہنگائی بڑھنے کی شرح 28 اعشاریہ 3 فیصد تھی جو دسمبر میں کم ہو کر سنگل ڈیجٹ یعنی محض ساڑھے 6 فیصد تک محدود ہو چکی ہے جبکہ ہفتہ وار مہنگائی جو جنوری میں 44 اعشاریہ 6 فیصد تھی وہ ایک سال سے بھی کم عرصہ میں 3 اعشاریہ 7 فیصد پر آ گئی۔

بقیہ نمبر 17

اس موقع پر طلبہ وطالبات سمیت والدین کی بڑی تعداد سے خطاب کرتے ہوئے محمد علی جناح یونیورسٹی کے صدر اور وائس چانسلر ڈاکٹر زبیر احمد شیخ نے کہا کہ کمپیوٹنگ صرف کی بورڈ، ماؤس یا مشین کا نام نہیں ،کمپیوٹنگ ہمارے معاشرے اور قوم کے مسائل حل کرتا ہے، کمپیوٹنگ میں بہتر آئیڈیاز آتے ہیں اسی سوچ کا نام کمپیوٹنگ ہے، تعلیمی ادارے ہی انسانی کمپیوٹر پیدا کریں گے ،انہوں نے کہا کہ 313 صحابہ کرام نے بدر میں قربانی دی تو اللہ نے دین کو پھیلایا، مجھے لگتا ہے ملک کی تقدیر بدلنے کے قابل اور ایماندار 313 لوگ ہی کافی ہیں۔انٹرنیشنل دورے پر جانے کا اتفاق ہوتا ہے ہر جگہ میرے طلبا نظر آتے ہیں

بقیہ نمبر 18

دینے پر انہیں اور لیبر کونسلر اسلم سموں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گریڈ گیارہ تا گریڈ سولہ کے پروموشن کے لیے بنائی گئی ڈی پی سی ٹو میں سینیارٹی کم فٹنس کی بجائے جونیئر، زیرالتوا انکوائریز، کیسز میں ملوث افراد اور سیاسی اثر ورسوخ کے حامل ملازمین کی اکثریت کو پروموشن دینے کی پالیسی کو واپس لیکر اہل سینئر، تجربے کار کو پروموشن دینے اور گریڈ ایک تا گریڈ چار کے عرصہ دراز سے خدمات انجام دینے پر 15 سال سروس پر اگلے گریڈ میں اپ گریڈ کرنے پر بھی اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اپ گریڈیشن کو حکومت سندھ کے طے شدہ فارمولے کے تحت دیا جائے اور گریڈ ایک تا گریڈ چار کے بڑھے لکھے ملازمین کو کمیٹیوں کی بنیاد پر حکومت سندھ کیبنیجیکیشن کے تحت کلرک کی حیثیت سے پروموشن دیا جائیصورت دیگر سجن یونین قانونی کارروائی پر مجبور ہوجائے گی۔

بقیہ نمبر 19

مہمان خصوصی سید ممتاز علی شاہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسکاؤٹنگ کی کارکردگی اور خدمات سے مجھے ذاتی طور پر آگہی حاصل ہے ،سندھ میں ہر سطح پر اسکاؤٹس نمایاں خدمات انجام دیتے رہے ہیں جس کا تمام تر سہرا صوبائی سیکریٹری سید اختر میر اور ان کی ٹیم کو جاتا ہے جو دن رات انتھک محنت کرتے ہیں اور جن کی کارکردگی پورا پاکستان سہراتا ہے جس کی وجہ سے سندھ کے اسکاؤٹنگ بلا تفریق رنگ ونسل معاشرے میں اپنا اہم کردار ادا کررہی ہے اور اس طرح اسکاؤٹس ہمیشہ عوام کی خدمت کیلئے کوشاں نظر آتے ہیں۔کلمات استقبالیہ ادا کرتے ہوئے صوبائی اسکاؤٹس سیکریٹری سید اختر میر نے موٹ میں شریک سندھ کے علاوہ دیگر صوبائی ایسوسی ایشنز کا شکریہ ادا کیا اور جمبوموٹ کی سرگرمیوں پر تفصیلی روشنی ڈالی ان کا مزید کہنا تھا کہ آج سندھ میں اسکاؤٹنگ کی جو پہچان ہے اس میں چیف پیٹرن محمد صدیق میمن اور صوبائی اسکاوٹ کمشنر سید ممتاز علی شاہ کا بھرپور کردار ہے آج کل اسکاؤٹنگ دنیا بھر میں ایک عالمی تحریک بن چکی ہے،جس میں مختلف ثقافتوں اور ملکوں کے نوجوان شامل ہوتے ہیں۔ یہ ایک ایسا پلیٹ فارم فراہم کرتی ہے جہاں نوجوان نہ صرف اپنی ثقافت کو دوسروں کے ساتھ بانٹتے ہیں بلکہ ایک دوسرے سے سیکھتے بھی ہیں۔اس موقع پر سینئر نائب صوبائی کمشنر جسٹس) ر (حسن فیروز نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔تقریب میں مہمان خصوصی کی آمد پر آغا خان بینڈ نے سلامی پیش کی جبکہ اسکاؤٹس نے واک پاسٹ پیش کیا ، شہید ذوالفقار علی بھٹو جمبوموٹ کے آغاز کے اعلان کے بعد فضا میں غبارے چھوڑے گئے علاوہ ازیں اسکاؤٹس نے ٹیبلوز پیش کئے، تقریب کے آخر میں مہمان خصوصی نے موٹ میں سندھ کے ڈسٹرکٹ بوائے اسکاؤٹس ایسوی ایشنز میں شیلڈ تقسیم کیں۔

بقیہ نمبر 20

سے علیحدگی اختیار کرے،صرف بیان بازی عوام کی آنکھوں میں دھول ڈالنے کی کوششوں کے سوا کچھ نہیں ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی لوئر سندھ کے ضلعی امرا کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر صوبائی نائب امیر افضال احمد آرائیں، قیم محمد یوسف، نواب مجاہد بلوچ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری الطاف احمد ملاح، سہیل احمد شارق سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔کاشف سعید شیخ نے مزید کہا کہ ایک عام آدمی کی حکومت سے یہ توقع ہوتی ہے کہ وہ مہنگائی سے جان چھڑائے گی ، بے روزگاری ختم کرے گی اور زورمرہ کی زندگی کے معاملات میں ریلیف دے گی ،لیکن جب یہ کام کوئی حکومت کرنے سے قاصر ہوتو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ حکومت عوامی مفادات کے بجائے اپنے مفادات کے لیے کام کررہی ہے، نتیجے میں صرف عوام کی مشکلات میں بھی اضافہ ہوتا رہتا ہے۔پی ٹی آئی حکومت کے خاتمے کے بعد پی ڈی ایم ون اور ٹو کی حکومت میں عوام کیلئے مہنگائی کم ہوئی اور نہ ہی ان کے بنیادی مسائل حل ہو سکے بلکہ مہنگائی مہینوں کی بجائے دن بہ دن بڑھ رہی ہے۔حکومت کی جانب سے یوٹیلیٹی اسٹورز پر گھی، دودھ، نوڈلز، کیچپ ، جام، بی بی پاو ڈر اور بسکٹس سمیت مختلف برانڈیڈ شیا کی قیمتوں میں اضافہ عوام کے ساتھ سراسر ظلم ہے۔ عام آدمی کو آج صاف پانی بھی دستیاب نہیں ، جبکہ لوگ صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔حکومت مہنگائی میں کمی کے جھوٹے دعوے کرنے کے بجائے اشیائے خوردونوش کی قیمتوں پر کنٹرول کر کے عوام کو ریلیف فراہم کرے تا کہ لوگ سکون کی سانس لے سکیں۔

بقیہ نمبر 21

نے اسکول کی زبوں حالی پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عطیہ بائی اسکول ایک قدیمی تعلیمی ادارہ ہے جہاں انہوں نے خود بھی تعلیم حاصل کی تھی۔تاہم، آج اسکول کی حالت انتہائی خراب ہے اور یہ کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ اسکول میں زیر تعلیم بچے خوف و ہراس کا شکار ہیں کیونکہ چھت کے گرنے اور دیواروں کے منہدم ہونے کا خطرہ موجود ہے۔انہوں نے اس موقع پر زور دیا کہ تعلیم کا بنیادی حق محفوظ اور معیاری ماحول میں دیا جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 22

2025 میں ہوں گے، جب کہ قائداعظم گیمز 25 دسمبر 2024 کو کراچی اور حیدرآباد میں ہوں گے۔ ان گیمز میں کرکٹ، فٹبال، ہاکی، بیڈمنٹن، سافٹ بال، اتھلیٹکس ، کراٹے اور ریسلنگ جیسے کھیل شامل ہوں گے .انہوں نے سندھ کے 30 اضلاع میں 23 دسمبر سے 30 دسمبر 2024 تک ونٹر کوچنگ کلاسز بھی شروع کرنے کے حوالے سے بتایا کہ ان کلاسز کا مقصد نوجوانوں کی کھیلوں میں دلچسپی بڑھانے کے ساتھ ان کی صلاحیت کو بڑھانے اور ان کو عالمی معیار کے مطابق تربیت فراہم کرنا ہے۔ای اسپورٹس کے حوالے سے سردار محمد بخش مہر نے کہا کہ اسپورٹس کی دنیا میں اس کی مقبولیت تیزی سے بڑھ رہی ہے۔نوجوان نسل اب ای اسپورٹس کی طرف زیادہ راغب ہے،جس کا آئندہ چند سالوں میں ایک بڑی صنعت بن جانے کا امکان موجود ہے۔سندھ حکومت اس میدان میں مزید ترقی کے لیے مختلف منصوبوں پر کام کررہی ہے۔سردار محمد بخش مہر نے مزید کہا کہ سندھ کے نوجوانوں کو جدید کھیلوں کے میدان، تربیت اور سہولیات فراہم کی جارہی ہیں تا کہ کھیل کے شعبے میں ترقی کی جا سکے۔انہوں نے واضح کیا کہ اقدامات سندھ حکومت کی کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کی فلاح و بہبود کے عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 23

فرمائی اور فلم کی حرمت واستعمال سے روشناس کروایا مرحوم سید سخاوت حسین شاہ صاحب ہمیشہ مظلوم کے ساتھ رہے اور کرپٹ منشیات فروشوں لینڈ گریبرز و لینڈ مافیا کے خلاف علم حق بلند کرتے ہوئے سال *2024* 14*دسمبر * کی رات اپنے خالق حقیقی سے جاملے شاہ صاحب کی نماز جنازہ ان کی رہائش گاہ قائد آباد PHA ,سوسائٹی میں ادا کی گئی شاہ صاحب کی نماز جنازہ میں ان کے دوست واحباب ومختلف اخبارات کے نمائندوں سمیت دیگر سیاسی وسماجی شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 24

ہے اور اگر ان کے لیے روزگار کے مواقع فراہم نہ کیے گئے تو ہم اپنے معماروں کو